اسلام آباد، کراچی، لاہور، پشاور، بھکر اور مظفر آباد میں بھی دستیاب ہے

DAILY PROMOTION | ABC Certified

روزنامہ پروموشن اسلام آباد

چیف ایڈیٹر الحاج چوہدری عبدالرحمٰن

ایڈیٹر محمد صدیق انظر

جلد 19 | جمعرات 22 اکتوبر 2026ء، 10 جمادی الاول 1448ھ، 8 کاتک 2082 بکرمی، صفحات 4، قیمت 20 روپے | شمارہ: 163

بدر مفاہمتی یادداشت، پاکستان، ترکیہ، قطر اور انڈونیشیا کے دفاعی معاہدے پر دستخط

مفاہمتی یادداشت پر پاکستان کے خواجہ آصف، ترکیہ کے یاشار گولر، قطر کے شیخ سعود بن عبدالرحمٰن بن حسن الثانی اور انڈونیشیا کے نائب وزیر دفاع یوسف جوہری نے دستخط کیے

یادداشت کا مقصد فوجی پیداوار، دفاعی صلاحیتوں میں اضافہ، تربیت کے شعبوں میں تعاون کو فروغ دینا ہے، شراکت داری ساز و سامان خریداری تک محدود نہیں رہے گی، ذرائع

دوحہ (مانیٹرنگ ڈیسک) ترکیہ، قطر، پاکستان اور انڈونیشیا نے دفاعی تعاون بڑھانے اور اپنی دفاعی صلاحیتوں کو مضبوط بنانے کے لیے ایک معاہدے پر دستخط کر دیئے عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق اس تاریخی معاہدے "بدر مفاہمتی یادداشت" پر دستخط کی تقریب قطر کے دارالحکومت دوحہ میں منعقد ہوئی۔ اس مفاہمتی یادداشت پر پاکستان کے وزیر دفاع خواجہ آصف، ترکیہ کے وزیر قومی دفاع یاشار گولر، قطر کے نائب وزیر اعظم اور وزیر مملکت برائے دفاعی امور شیخ سعود بن عبدالرحمٰن بن حسن الثانی اور انڈونیشیا کے نائب وزیر دفاع یوسف جوہری نے دستخط کیے۔ ترک وزارت دفاع کی جانب سے جاری بیان میں چاروں ممالک کے درمیان دفاعی شراکت داری کو مزید مستحکم کرنے کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)



لاہور: وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے سعودی عرب کے نئے تعینات ڈاکٹر راجح العجمی ملاقات کر رہے ہیں

حکومت کا جولائی تا ستمبر مجموعی طور پر 1514 ارب روپے قرض

پہلی سہ ماہی میں غیر ملکی قرضوں اور گرانٹس کی مد میں 5 ارب 44 کروڑ ڈالر موصول

اسلام آباد (صبح نیوز) حکومت نے رواں مالی سال 2026-27 کی پہلی سہ ماہی، جولائی سے ستمبر کے دوران مجموعی طور پر 1514 ارب روپے قرض حاصل کیا، جبکہ صرف ستمبر 2026 میں 1037 ارب روپے قرض لیا گیا۔ وزارت اقتصادی امور کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

ایران کا اقوام متحدہ سے امریکا اور اسرائیل کی دھمکیاں رکوانے کا مطالبہ

تہران (آئی این پی) ایران نے اقوام متحدہ سے امریکا اور اسرائیل کی تہران کو دی جانے والی دھمکیاں رکوانے کا مطالبہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

پاکستان اور مالدیپ کا دو طرفہ تجارت 20 کروڑ ڈالر تک بڑھانے پر اتفاق، 20 مفاہمتی یادداشتوں کا تبادلہ

بھارت نے پاکستان کا پانی روکا تو جنگی اقدام تصور کیا جائیگا، شہباز شریف

مالدیپ کے صدر کا وزیراعظم ہاؤس آمد پر پرتپاک استقبال، پاکستان، مالدیپ کا دو طرفہ تجارتی حجم دو سال میں 13 کروڑ ڈالر سے بڑھا کر 20 کروڑ ڈالر تک لے جانے پر اتفاق

60 سالہ تعلقات باہمی دوستی کی بنیاد پر قائم ہیں، صدر معیزو، عالمی سطح پر تسلیم شدہ معاہدوں پر عمل درآمد ذمہ داری، پانی کو بطور ہتھیار استعمال کرنا برداشت نہیں کیا جائیگا، وزیراعظم

وزیراعظم کی مشترکہ پریس کانفرنس، وفود کی سطح پر مذاکرات، تعاون بڑھانے کا فیصلہ، مالدیپ کے صدر کو بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی کی جانب سے ڈاکٹریٹ کی اعزازی ڈگری

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ پانی پاکستان کی ریڈ لائن ہے، بھارت نے پانی روکا تو اسے جنگی اقدام تصور کیا جائے گا، پانی کو بطور ہتھیار استعمال کرنے نہیں دیں گے۔ یہ بات انہوں نے مالدیپ کے صدر کے ہمراہ مشترکہ پریس کانفرنس میں کہی۔ قبل ازیں وزیراعظم شہباز شریف اور مالدیپ کے صدر کے درمیان وفود کی سطح پر مذاکرات ہوئے اور 20 مفاہمتی یادداشتوں کا تبادلہ کیا گیا۔ سرکاری میڈیا کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف اور مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیزو کے درمیان وزیراعظم ہاؤس اسلام آباد میں ملاقات ہوئی اور بعد ازاں دونوں ممالک کے درمیان اعلیٰ سطح وفود کی سطح پر اجلاس بھی ہوا۔ شہباز شریف نے وزیراعظم ہاؤس آمد پر مالدیپ کے صدر کا استقبال کیا اور ان کے اعزاز میں گارڈ آف آنر کی تقریب منعقد کی۔ صدر معیزو نے گارڈ آف آنر کا معائنہ کیا اور وزیراعظم ہاؤس میں یادگار کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

پختونخوا میں پیشگی اجازت کے بغیر سکولز عمارتوں کی توسیع پر پابندی عائد

تمام نجی اسکول مالکان عمارتوں کے نقشوں کی منظوری کی فوری تصدیق کریں

پشاور (صباح نیوز) حکومت خیبر پختونخوا میں پیشگی اجازت کے بغیر اسکولوں کی عمارتوں کی توسیع پر پابندی عائد کردی گئی۔ پرائیویٹ اسکولز ریگولیٹری اتھارٹی خیبر پختونخوا نے اسکول و کالجز کو مراسلہ ارسال کردیا۔ مراسلے میں کہا گیا ہے کہ تمام نجی اسکول مالکان عمارتوں کے نقشوں کی منظوری کی فوری تصدیق کریں، منظور شدہ نقشوں اور متعلقہ اجازت ناموں کی نقول اسکول (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)



اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف سے مالدیپ کے صدر محمد معیزو ملاقات کر رہے ہیں

مریم نواز، سعودی سفیر کا ایکسپورٹ میں 500 بلین سے زائد ہدف مقرر کرنے پر اتفاق

وزیر اعلیٰ مریم نواز سے سعودی سفیر ڈاکٹر راجح العجمی کی ملاقات، پنجاب میں سرمایہ کے لیے ریاض میں بیچ روڈ شو کے انعقاد پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا

سعودی شہریوں کو پنجاب کے سیاحتی مراکز کے دوروں کی دعوت، سعودیہ کے سفیر کا پاکستانی حکومت، فوج اور عوام کی حمایت پر اظہار تشکر

لاہور (نمائندہ خصوصی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے سعودی عرب کے شہریوں کو پنجاب کے سیاحتی مراکز کے دوروں کی دعوت دے دی۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز سے سعودی سفیر ڈاکٹر راجح العجمی نے ملاقات کی، جس کے دوران وزیر اعلیٰ پنجاب نے خادم الحرمین شریفین اور ولی عہد کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ اس ملاقات میں پنجاب میں سرمایہ کے لیے ریاض میں بیچ روڈ شو کے انعقاد پر تبادلہ خیال بھی کیا گیا۔ پنجاب سے لائیو اسٹاک، بیف، پولٹری، آم، کینو، آلو، شریمپ ایکسپورٹ میں 500 ملین روپے سے زیادہ کا ہدف مقرر کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ مریم نواز نے کہا کہ سعودی عرب 8.9 ارب ڈالرز کے ساتھ پاکستان کو ترسیلات زر بھیجنے والا سب سے بڑا ملک ہے۔ انہوں نے کہا کہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)



اسلام آباد: برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ وفاقی وزیر برائے اقتصادی امور احد چیمہ سے ملاقات کر رہی ہیں

پختونخوا دور PTI میں معدنیات کے شعبے میں بدترین کرپشن بے نقاب، سال میں 16 ارب 94 کروڑ کا نقصان

چیک پوسٹوں، انسپکٹرز اور محکمہ معدنیات کی موجودگی کے باوجود غیر قانونی مائننگ پورے صوبے میں جاری رہی

نادہندہ ٹھیکے داروں سے 4 ارب 31 کروڑ روپے کے واجبات جان بوجھ کر وصول نہیں کیے گئے، رپورٹ

پشاور (مانیٹرنگ ڈیسک) خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی دور اقتدار میں معدنیات کے شعبے میں تاریخ کی بدترین کرپشن اور لوٹ مار بے نقاب ہوگئی۔ سرکاری آڈٹ رپورٹ میں قرار دیا گیا ہے کہ محکمہ بدانتظامی نہیں بلکہ منظم کرپشن ہے، جس سے خیبر پختونخوا کے خزانے کو صرف ایک سال میں 16 ارب 94 کروڑ روپے سے زائد کا نقصان پہنچایا گیا۔ آڈٹ رپورٹ کے مطابق پی ٹی آئی حکومت کی سرپرستی اور مجرمانہ گٹھ جوڑ سے صرف سال 2022 اور 2023 کے دوران غیر قانونی کان کنی کے ذریعے 6 ارب روپے سے زائد کی لوٹ مار کی گئی۔ نادہندہ ٹھیکے داروں سے 4 ارب 31 کروڑ روپے کے واجبات جان بوجھ کر وصول نہیں کیے گئے، جو اس بات کا ثبوت ہے کہ کرپشن کو سرکاری سرپرستی حاصل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

پاکستانی اور سعودی انویسٹرز کی ایک دوسرے کو سرمایہ کاری کی دعوت

مہمان نوازی سے متاثر، شہزادہ منصور قوم شہادت کیلئے تیار ہے، گورنر سلیم حیدر



لاہور (آئی این پی) ایک سٹی گالف اینڈ کنٹری کلب میں سعودی پاک رئیل اسٹیٹ ایکسپو کا انعقاد کیا گیا۔ ایکسپو میں شریک پاکستانی سرمایہ کاروں نے سعودی انویسٹرز کو پاکستان میں رئیل اسٹیٹ سیکٹر میں سرمایہ کاری کی دعوت دی جبکہ سعودی رئیل اسٹیٹ سیکٹر میں سرمایہ کاری کی خواہش کا اظہار کیا۔ ایکسپو کی افتتاحی تقریب میں گورنر پنجاب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

امریکی ٹیک کمپنیاں میں سرمایہ کاری سے فائدہ اٹھائیں، رضوان سعید

پاکستانی کمپنیوں کو عالمی تجربہ اور اپنے مخصوص شعبوں میں مسلمہ مہارت حاصل ہے



واشنگٹن (آئی این پی) سفیر پاکستان رضوان سعید شیخ نے امریکی ٹیک کمپنیوں کو پاکستان میں اشتراک عمل کے وسیع اور منافع بخش مواقع سے فائدہ اٹھانے کی دعوت دی ہے۔ سفیر پاکستان رضوان سعید شیخ نے ڈیلاس، ٹیکساس میں پاک۔امریکا ٹیک کنیکٹ 2026 سے خطاب کرتے ہوئے تکنیکی تعاون، سرمایہ کاری اور طویل مدت کاروباری ساجھے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

میر رضا کیس: کسی ایک فرد کی غلطی کو محکمے کی غلطی قرار دینا زیادتی ہوگی، شرجیل میمن

یہ مقدمہ پولیس کے لیے بھی سبق کہ آئندہ عجلت کے بجائے مکمل تحقیقات کی جائیں، سینئر وزیر



کراچی (یو این پی) سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ میر رضا کیس سے متعلق جوڈیشل کمیشن جو سفارش کرے گا، اس پر عمل درآمد یقینی بنایا جائے گا لیکن کسی ایک فرد کی غلطی کو پورے محکمے کی غلطی قرار دینا زیادتی ہوگی۔ نجی چینل سے گفتگو کے دوران شرجیل میمن نے کہا کہ میر رضا کیس میں جس کی کوتاہی ہوگی اسے سزا ملے گی، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

سپر لانگ مارچ 23 اکتوبر کو شروع ہوگا، جماعت اسلامی

جماعت اسلامی اپنے اصولی موقف سے پیچھے نہیں ہٹے گی، نائب امیر لیاقت بلوچ



لاہور (آئی این پی) نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ 23 اکتوبر اسلام آباد سپر لانگ مارچ کے تیسرے مرحلے کا آغاز ہوجائے گا۔ لیاقت بلوچ نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ امیر جماعت اسلامی کی لانگ مارچ کے تیسرے مرحلے کے آغاز کی ملک گیر احتجاج کی کال بروقت اقدام ہے۔ 23 اکتوبر جمعہ کو ضلعی ہیڈ کوارٹرز پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات 20 دسمبر کو ہونگے، شیڈول جاری

کاغذات نامزدگی کیلئے عوامی نوٹس 30 اکتوبر کو جاری، جبکہ کاغذات نامزدگی 2 نومبر سے 6 نومبر تک وصول کیے جائیں گے

کاغذات کی جانچ پڑتال 9 نومبر سے 13 نومبر، ریٹرننگ افسران فیصلوں کیخلاف اپیلیں 14 نومبر سے 18 نومبر تک دائر کی جاسکیں گی

اسلام آباد (یو این پی) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات کا شیڈول جاری کر دیا ہے۔ شیڈول کے مطابق اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات 20 دسمبر 2026 (بروز اتوار) کو 2015 کے قانون کے تحت ہوں گے۔ انتخابی شیڈول کے مطابق کاغذات نامزدگی جمع کرانے کیلئے عوامی نوٹس 30 اکتوبر کو جاری کیا جائے گا، جبکہ امیدواروں سے کاغذات نامزدگی 2 نومبر سے 6 نومبر تک وصول کیے جائیں گے۔ امیدواروں کے ناموں کی فہرست 7 نومبر کو شائع کی جائے گی اور کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال 9 نومبر سے 13 نومبر تک ہوگی، ریٹرننگ افسران کے فیصلوں کے خلاف اپیلیں 14 نومبر سے 18 نومبر تک دائر کی جا سکیں گی، جبکہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)



اسلام آباد: صدر آصف علی زرداری، جمہوریہ مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیزو سے ایوان صدر میں ملاقات کر رہے ہیں

مدینہ کو نشانہ بنانے کی کوشش ناکام، 4 حوثی ڈرونز تباہ

صوبہ تعز میں حوثی کی پیش قدمی روک دی گئی، سعودی عرب میں سیکیورٹی ہائی الرٹ

ریاض (مانیٹرنگ ڈیسک) سعودی اتحادی فوج نے مدینہ، یمن اور مشرقی صوبے میں کارروائی کے دوران 4 ڈرونز تباہ کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔ سعودی حکام کے مطابق ڈرون حملوں کو فضا میں ہی ناکام بنا دیا گیا، تاہم حملوں کے ممکنہ نقصانات اور ان کے اہداف سے متعلق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

مشرق وسطیٰ میں سپلائی کے خدشات عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں اضافہ

لندن (آئی این پی) مشرق وسطیٰ میں تیل کی سپلائی متاثر ہونے کے خدشات کے باعث عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ بحیرہ احمر میں بحری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

سعودیہ اور حوثیوں نے ثالثی کی پیشکش کا جواب نہیں دیا، عراقچی

تہران (آئی این پی) ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ ثالثی کی پیشکش پر سعودی عرب اور یمن کے حوثیوں کی جانب سے کوئی جواب موصول نہیں ہوا۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

پنجاب: جاسوسی کیلئے استعمال ہونے والے آلات پر پابندی عائد، نوٹیفکیشن جاری

خفیہ کیمروں والی عینک، پین، کی چین وغیرہ کے استعمال سمیت دکانوں اور آن لائن خرید و فروخت پر پابندی ہوگی

خفیہ ریکارڈنگ والے آلات تنصیبات کی سیکیورٹی کو خطرات لاحق، مقصد خواتین اور بچوں کی عزت اور نجی زندگی کا تحفظ یقینی بنانا ہے

لاہور (یو این پی) حکومت پنجاب نے جاسوسی کیلئے استعمال ہونے والے آلات پر پابندی عائد کردی۔ حکومت پنجاب کی جانب سے جاسوسی کیلئے استعمال ہونے والے آلات پر پابندی عائد کر دی گئی، عینک، پین، کی چین وغیرہ کے استعمال سمیت دکانوں اور آن لائن خرید و فروخت پر پابندی ہے جس کا باقاعدہ نوٹیفکیشن بھی جاری کیا گیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق پابندی کا اطلاق 30 روز تک کیلئے خفیہ طور پر تصاویر، ویڈیو اور آواز ریکارڈ کرنے والے آلات پر ہوگا۔ خفیہ کیمروں والی ہوگی۔ نوٹیفکیشن کے مطابق خفیہ ریکارڈنگ والے آلات سے شہریوں کی زندگی، حساس معلومات اور تنصیبات کی سیکیورٹی کو خطرات لاحق ہیں، پابندی کا مقصد خواتین اور بچوں کی عزت اور نجی زندگی کا تحفظ یقینی بنانا ہے۔ اس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)



وفاقی آئینی عدالت کے چیف جسٹس امین الدین خان گول میز کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کی مالدیپ کے صدر سے ملاقات

تجارت، سرمایہ کاری، تعلیم، سیاحت اور موسمیاتی تبدیلی میں تعاون بڑھانے پر اتفاق

اسلام آباد (نیوز ایجنسیاں) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیزو سے ملاقات کی، جس میں پاکستان اور مالدیپ کے دیرینہ برادرانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ اسحاق ڈار نے صدر مملکت آصف علی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)



اسلام آباد: صدر ڈاکٹر نجیب سے سابق چیئرمین ہائر ایجوکیشن کمیشن ڈاکٹر جاوید لغاری ملاقات کر رہے ہیں

صدر آزاد کشمیر کا OIC کی کشمیر پر قرارداد کا خیر مقدم

پاکستان کی مسلسل سفارتی کوششیں قابل تحسین ہیں، ڈاکٹر محمد نجیب خان

اسلام آباد (خبرنگار) آزاد جموں و کشمیر کے صدر ڈاکٹر محمد نجیب خان نے عراق کے دارالحکومت بغداد میں منعقدہ اسلامی تعاون تنظیم (او آئی سی) کے وزراء خارجہ کے اجلاس میں منظور کی گئی اس قرارداد کا خیر مقدم کیا ہے، جس میں اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں کے مطابق تنازعہ جموں و کشمیر کے حتمی حل پر زور دیا گیا ہے۔ اپنے خصوصی بیان میں صدر ریاست نے اس قرارداد کی منظوری کے سلسلے میں حکومت پاکستان کی خصوصی سفارتی کاوشوں کو سراہتے ہوئے وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف اور چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

ڈی آئی خان: امن میلہ چیک پوسٹ پر حملہ ناکام

ڈی آئی خان (آئی این پی) ڈی آئی خان کے علاقے درابن میں امن میلہ چیک پوسٹ پر پولیس اور سیکیورٹی فورسز نے حملہ ناکام بنا دیا۔ پولیس کے مطابق امن میلہ چیک پوسٹ پر قریبی پہاڑوں سے فائرنگ کی گئی۔ پولیس نے بتایا ہے کہ پولیس اور سیکیورٹی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

میرانشاہ روڈ پر فائرنگ، ایڈیشنل ایس ایچ او شہید

حملہ آور فرار، ملزمان کی تلاش کے لیے چھاپے مارے جا رہے ہیں، شمالی وزیرستان پولیس

ڈیرہ اسماعیل خان (صباح نیوز) شمالی وزیرستان میں میرانشاہ بائی پاس روڈ پر نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایڈیشنل ایس ایچ او شہید ہو گئے۔ پولیس نے بتایا ہے کہ حملہ آور فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے، ملزمان کی تلاش کے لیے چھاپے مارے جا رہے ہیں۔ پولیس کے مطابق فائرنگ کے واقعے میں تھانہ میرانشاہ کے ایڈیشنل ایس ایچ او میر آخان کو نشانہ بنایا گیا، جو موقع پر ہی شہید ہو گئے، جبکہ واقعے کی مزید تحقیقات جاری ہیں۔

ٹرمپ انتظامیہ نے 3 لاکھ سے زائد امریکی ویزے منسوخ کردیے

امیگریشن کیخلاف کریک ڈاؤن کا مقصد داخلی سلامتی کو بہتر بنانا ہے، امریکی محکمہ خارجہ

واشنگٹن (آئی این پی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی انتظامیہ نے جنوری 2025 سے اب تک 3 لاکھ سے زائد امریکی ویزے منسوخ کر دیے۔ امریکی محکمہ خارجہ کے مطابق گزشتہ چند ہفتوں کے دوران ویزے منسوخ کرنے کی کارروائیوں میں نمایاں تیزی آئی ہے۔ امیگریشن کے خلاف کریک ڈاؤن کا مقصد امریکا میں داخلی سلامتی کو بہتر بنانا ہے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

چینی شہریوں کا کرپٹو کرنسی کیلئے اغوا، ملزمان کو ضمانت دینے سے انکار

اسلام آباد (آئی این پی) انسداد دہشت گردی عدالت نے ایف 10 سے 4 چینی شہریوں کے اغوا کے مقدمے میں 4 ملزمان کی ضمانت بعد از گرفتاری کی درخواستیں خارج کر دیں۔

غزہ، میاں بیوی، نوجوان سمیت 4 فلسطینی شہید

رہائشی اپارٹمنٹ پر اسرائیلی فضائی حملے میں اکرم یاسین، اہلیہ شہید ہو گئیں

مقبوضہ بیت المقدس (آئی این پی) غزہ میں اسرائیلی فضائی حملوں اور فائرنگ کے نتیجے میں میاں بیوی اور 17 سالہ نوجوان سمیت 4 فلسطینی شہید ہو گئے۔ غزہ شہر میں رہائشی اپارٹمنٹ پر اسرائیلی فضائی حملے میں اکرم یاسین اور ان کی اہلیہ شہید ہو گئے۔ اسرائیلی فوج نے بعد میں دعویٰ کیا کہ اکرم یاسین حماس کے سیکیورٹی ادارے کے سینئر عہدیدار تھے۔ جنوبی غزہ کے علاقے خان یونس میں اسرائیلی فائرنگ سے 17 سالہ نوجوان شہید ہو گیا، غزہ شہر کے مشرقی علاقے الزیتون میں بھی فائرنگ سے ایک فلسطینی جان سے ہاتھ دھو بیٹھا۔ غزہ کے رہنماؤں نے اسرائیلی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

سینٹ کام کی آبنائے ہرمز میں آئل ٹینکر کے بارودی سرنگوں سے ٹکرانے جانے کی تردید

فلوریڈا (آئی این پی) امریکی سینٹرل کمانڈ نے اس بات کی تردید کی ہے کہ آبنائے ہرمز میں 2 آئل ٹینکر ایرانی بحری بارودی سرنگوں سے ٹکرائے ہیں۔ سینٹ کام کے ترجمان نے عرب ٹی وی کو بتایا کہ ایران کا یہ دعویٰ درست نہیں کہ آبنائے ہرمز میں 2 آئل ٹینکر بارودی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

امریکا کیساتھ پاکستان اور قطر کی ثالثی میں مذاکرات جاری

تہران (آئی این پی) ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے تصدیق کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایران اور امریکا کے درمیان پاکستان اور قطر کی ثالثی میں مذاکرات جاری ہیں۔ ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا کہ حتمی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

ملتان: لڑکے کو کچلنے والا ملزم پولیس مقابلے میں ہلاک

عدالتی ریمانڈ کے دوران فرار ملزم فائرنگ کے تبادلے میں مارا گیا، نامعلوم ساتھی فرار

ملتان/بہاولپور (نیوز ایجنسی) ملتان میں 15 سالہ یتیم لڑکے وسیم عباس کو مبینہ طور پر جبری مشقت سے انکار اور کام چھوڑ کر جانے پر گاڑی تلے کچل کر قتل کرنے کے مقدمے کا مرکزی ملزم توقیر نذیر بہاولپور کے قریب مبینہ پولیس مقابلے میں ہلاک ہوگیا۔ پولیس کے مطابق ملزم نادران ہائی پاس کے قریب فائرنگ کے تبادلے کے دوران اپنے ساتھی کی گولی لگنے سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)



اسلام آباد: نائب وزیراعظم سینیٹر محمد اسحاق ڈار وزارت خارجہ میں گندم کی درآمد سے متعلق کمیٹی کے اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



وفاقی وزیر برائے مواصلات عبدالعلیم خان، مشیر نگہاری محمد علی کے ہمراہ NHA منصوبوں بارے اہم پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاک، افغان اختلافات کو سفارتی ذرائع سے حل کیا جائے، روس

فریقوں کی دلچسپی ہو تو ماسکو ضروری معاونت فراہم کرنے کیلئے تیار ہے، ماریا زاخارووا

ماسکو (مانیٹرنگ ڈیسک) روس نے پاکستان اور افغانستان کے درمیان اختلافات کو سیاسی اور سفارتی ذرائع سے حل کرنے پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ دونوں فریقوں کی دلچسپی کی صورت میں ماسکو ضروری معاونت فراہم کرنے کے لیے تیار ہے۔ روسی وزارت خارجہ کی ترجمان ماریا زاخارووا نے بریفنگ کے دوران صحافی اشتیاق ہمدانی کے سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور افغانستان کے درمیان اختلافات کے بارے میں روس کا اصولی موقف واضح ہے: ان کا حل صرف سیاسی اور سفارتی ذرائع سے تلاش کیا جانا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)



ترجمان روسی وزارت خارجہ ماریا زاخارووا بریفنگ کے دوران اشتیاق ہمدانی کے سوال کا جواب دے رہی ہیں

اسلام آباد: سوتیلی بیٹی سے زیادتی کرنے والے سفاک شخص کو سزائے موت دینے کا حکم

پیدا ہونے والے بچے کا ڈی این اے مجرم سے میچ کرگیا تھا، بچے کی کفالت کے لیے مجرم کو 20 لاکھ روپے ادا کرنے کا حکم، عدالتی فیصلہ

مجرم اپنی سوتیلی بیٹی سے والدہ کی عدم موجودگی میں ایک سال تک مسلسل زیادتی کرتا رہا، مقدمہ فروری 2025 میں والدہ کی مدعیت میں درج کیا گیا تھا

اسلام آباد (یو این پی) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج محمد کمال نے محفوظ فیصلہ سناتے ہوئے مجرم افتخار کو پھانسی کی سزا سنائی اور ساتھ ہی 5 لاکھ روپے جرمانہ ادا کرنے کا حکم بھی جاری کیا۔ عدالت نے کورٹس نے سوتیلی بیٹی سے زیادتی کرنے والے سفاک ملزم افتخار کو جرم ثابت ہونے پر سزائے موت کا فیصلہ سنا دیا ہے۔ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ 10 لاکھ روپے کی رقم متاثرہ لڑکی کو ادا کرنے کا بھی حکم دیا ہے۔ عدالتی فیصلے کے مطابق عدالت نے زیادتی کے نتیجے میں پیدا ہونے والے بچے کی کفالت کے لیے مجرم کو 20 لاکھ روپے ادا کرنے کا حکم دیا ہے۔ فیصلہ میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

بارکوڈ سکینرز میں سکیورٹی خامیوں کا انکشاف، سائبر حملوں کے خطرات لاحق

2019 کے بعد سے عالمی سطح پر ای کامرس کی فروخت تقریباً دوگنا ہو کر 6 ٹریلین ڈالر سے تجاوز کر چکی

ترسیل کے نظام میں کسی رکاوٹ یا تاخیر کمپنیوں کے لیے بڑے مالی نقصانات اور ساکھ متاثر ہونے کا سبب بن سکتی ہے

اسلام آباد (صباح نیوز) عالمی سائبر سکیورٹی کمپنی کیسپرسکی کے ماہرین نے بارکوڈ اسکینرز کے ایک معروف ماڈل میں سکیورٹی خامیوں کا انکشاف کیا ہے، جن کے ذریعے سائبر حملہ آور ای کامرس کی سپلائی چینز اور گوداموں کے کمپیوٹر نیٹ ورکس کو نشانہ بنا سکتے ہیں۔ کیسپرسکی کے مطابق 2019 کے بعد سے عالمی سطح پر ای کامرس کی فروخت تقریباً دوگنا ہو کر 6 ٹریلین ڈالر سے تجاوز کر چکی ہے۔ ایسے میں سامان کی ترسیل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

قومی بچت سکیموں کے شرح منافع میں اضافہ کر دیا گیا

اسپیشل سیونگز سرٹیفکیٹ کا شرح منافع 6.11 فیصد سے 12 فیصد بڑھ گیا

اسلام آباد (آئی این پی) قومی بچت کی اسکیموں کے شرح منافع میں اضافہ کر دیا گیا۔ اسپیشل سیونگز سرٹیفکیٹ کی شرح منافع 6.11 فیصد سے بڑھا کر 12 فیصد کر دیا گیا ہے۔ ریگولر انکم سرٹیفکیٹ کی شرح منافع کو 76.11 فیصد سے بڑھا کر 12.12 فیصد، بہبود سیونگز سرٹیفکیٹ، پنشنرز بینیفٹ اکاؤنٹ اور شہدا فیملی ویلفیئر اکاؤنٹ کا شرح منافع 72.12 فیصد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

اسلام آباد، کراچی سے بارڈر ہیلتھ سروس کے 2 افسران کو گرفتار کرلیا گیا

اسلام آباد (آئی این پی) ایف آئی اے اسلام آباد کی ٹیم نے کراچی میں کارروائی کرکے بارڈر ہیلتھ سروس کے 2 افسران کو گرفتار کرلیا۔ ذرائع کے مطابق بارڈر ہیلتھ سروس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

نئے صوبوں کے قیام پر قومی مباحثہ، سیاسی رہنماؤں کا انتظامی یونٹس بڑھانے پر زور

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان میں انتظامی تنظیم نو اور نئے صوبوں کے قیام سے متعلق قومی مباحثے میں حکومتی اپوزیشن رہنماؤں، پالیسی ماہرین اور سینئر صحافیوں نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

طالبان پالیسیوں سے تعلیم یافتہ طبقہ شدید معاشی بحران کا شکار

ناجائز رجیم کے زیر اثر معاشی اور سماجی ڈھانچہ تباہی کا شکار ہو چکا، میڈیا رپورٹس

کابل (آئی این پی) افغانستان میں طالبان کے اقتدار کے بعد ملک کا سماجی اور معاشی نظام سنگین بحران کا شکار ہو چکا ہے جہاں بیروزگاری اور بدحالی نے ڈیرے ڈال لیے ہیں۔ طالبان کی بدترین اور ناجائز رجیم کے زیر اثر افغانستان کا تمام تر معاشی اور سماجی ڈھانچہ مکمل تباہی کا شکار ہو چکا ہے جس کے نتیجے میں ملک کا تعلیم یافتہ طبقہ شدید بیروزگاری اور معاشی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

DAILY PROMOTION
روزنامہ پروموشن اسلام آباد
ایڈیٹر محمد صدیق انظر
+92 333 5128826
حکومت پاکستان سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
اسلام آباد، کراچی، لاہور، پشاور، بھمبر اور مظفر آباد میں بھی دستیاب ہے
پبلشر حاجی محمد صدیق انظر نے انکشاف پرنٹنگ پریس کملی ڈیم بھارہ کہو اسلام آباد سے چھپوا کر مکان نمبر 29 سٹریٹ 36 سیکٹر جی سکس ٹو اسلام آباد سے شائع کیا موبائل نمبر 5128826 333 92+

ادارتی صفحہ

یورپ میں پر تشدد مظاہرے!

فرانس میں ہونے والے مظاہرے اس قدر شدت اختیار کر چکے ہیں کہ اب حکومت نے کرفیو کے نفاذ کا اعلان کر دیا ہے۔ فرانسیسی وزیر اعظم سیباسٹین لیکورنو نے مقامی حکام کو ہدایت کی ہے کہ وہ امن و امان کی صورتحال کو بہتر بنانے اور مزید نقصان سے بچنے کے لیے پیرس کی شام سے مخصوص علاقوں میں کرفیو نافذ کرے۔ واضح رہے کہ فرانس میں مظاہروں کا آغاز ستمبر کے وسط میں پیرس کے علاقے میں ہائی اسکولوں سے ہوا جہاں اساتذہ کی کمی اور ناقص سہولتوں پر طلبہ نے احتجاج کا آغاز کیا جس کے بعد اس احتجاج کا دائرہ پورے ملک میں پھیل چکا ہے، اور کچھ مظاہرے پولیس کے ساتھ پرتشدد جھڑپوں میں تبدیل ہو گئے ہیں۔ فرانسیسی وزارت داخلہ کے مطابق فرانس میں ملک بھر کے مختلف شہروں میں تقریباً 5 لاکھ 50 ہزار افراد سڑکوں پر نکلے ہوئے ہیں۔ طلبہ کی یہ مہم 17 ستمبر کو شروع ہوئی اور سوشل میڈیا پر احتجاج کی ویڈیوز وائرل ہونے کے بعد اس نے تیزی سے زور پکڑ لیا جس میں طلبہ نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ اساتذہ کی غیر حاضری، پرانی سہولتیں اور دیگر شکایات کا ازالہ کرے۔ فرانس کی وزارت انصاف کے مطابق 5,060 سے زائد گرفتاریاں ہو چکی ہیں جن میں سے 87 فی صد نابالغ ہیں۔ اس کے علاوہ احتجاج کے دوران 170 سے زائد طلبہ، 78 اسکول کا عملہ اور 600 سے زیادہ پولیس اہلکار زخمی ہو چکے ہیں۔ جبکہ متعدد شہروں میں لاکھوں افراد نے پرامن جلوس نکالے، پرتشدد عناصر نے سرکاری عمارتوں کو نشانہ بنایا، لگژری بوتیک اور سپر مارکیٹوں میں لوٹ مار کی اور پولیس کی گاڑیوں اور اہلکاروں پر حملے کیے۔ سیاہ لباس پہنے مظاہرین نے سٹی ہال میں گھس کر عمارت پر انتشار پسندانہ گرافٹی بنائی، اور لیون میں مظاہرین نے شہر کے سیاحتی دفتر کو جلا دیا۔ جاری بدامنی نے سیاستدانوں کو بھی اس تنازع میں گھسیٹ لیا ہے، جس سے صورتحال کو حل کرنے اور طلبہ کے مطالبات کا جواب دینے کے لیے حکومت پر دباؤ بڑھ گیا ہے۔ جمعہ کے روز، وزیر تعلیم ایڈورڈ جیفری نے اسکول یونینوں اور عملے کے ساتھ ساتھ والدین کے اداروں کے ساتھ مذاکرات کیے۔ اس دن فرانس کے وزیر انصاف جیرالڈ ڈارمنین نے بیان دیا کہ پرتشدد احتجاج نے فرانس کے 3,700 اسکولوں میں سے 735 کو "کسی نہ کسی طرح" متاثر کیا ہے۔ اتوار کے روز فرانسیسی وزیر اعظم سیباسٹین لیکورنو نے حکومت کے پانچ نکاتی ایکشن پلان کا اعلان کیا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کلاسوں کی منسوخی کو روکنے، علاقائی حکام کے ساتھ شراکت داری میں سہولتوں کو بہتر بنانے، اسکول کے دنوں کو بہتر طریقے سے ترتیب دینے، پارکورساپ (یونیورسٹی کی درخواستوں کے لیے فرانس کا پلیٹ فارم) کو زیادہ شفاف بنانے کے ساتھ ساتھ طلبہ کی حمایت کے عمومی عزم پر قائم ہے۔ سخت گیر بائیں بازو نے اس احتجاج کی پرزور حمایت کی ہے۔ یہ صورتحال صرف فرانس ہی کی نہیں بلکہ یورپ میں بڑھتی ہوئی مہنگائی، بجلی، پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافے، اسکولوں کے مسائل اور ہاؤسنگ بحران کے پیش نظر جرمنی، اٹلی، پرتگال، اسپین اور اٹلی کو بھی چھوٹے بڑے پیمانے پر احتجاج کا سامنا کرنا پڑا جبکہ اٹلی میں مظاہرین نے ایک بار پھر مبینہ حکومتی بدعنوانی، روزگار کی کمی اور ناقص تعلیمی معیار کے خلاف ریلیاں نکالیں۔ البانیہ میں بھی حکومت مخالف مظاہروں کا سلسلہ جاری ہے جہاں طلبہ اور شہریوں نے وزیر اعظم ایڈی راما کے استعفے کا مطالبہ کرتے ہوئے سڑکوں پر احتجاج کیا۔ دارالحکومت ترانا میں مظاہرین نے پولیس پر پتھراؤ کیا، پٹرول بم اور آتش بازی کا استعمال کیا جب کہ متعدد سرکاری عمارتوں اور بینکوں کو نذر آتش کر دیا گیا۔ البانوی پولیس نے صورت حال پر قابو پانے کے لیے آنسو گیس اور واٹر کینن کا استعمال کیا اور سیکڑوں افراد کے خلاف فوجداری مقدمات درج کر کے درجنوں مشتبہ افراد کو حراست میں لے لیا ہے جب کہ وزیر اعظم ایڈی راما نے استعفا دینے سے صاف انکار کرتے ہوئے اپوزیشن پر کشیدگی کو ہوا دینے کا الزام عاید کیا ہے۔ اسی طرح اٹلی کے شہر میلان میں بھی مہنگائی اور جنگ کے خلاف ہونے والے احتجاجی مظاہرے پرتشدد شکل اختیار کر گئے۔ مظاہرین نے دکانوں میں توڑ پھوڑ اور لوٹ مار کی جبکہ قانون نافذ کرنے والے اداروں پر پتھراؤ کیا۔ اطالوی پولیس نے پرتشدد کارروائیوں میں ملوث درجنوں مظاہرین کو حراست میں لے لیا جن میں متعدد نابالغ افراد بھی شامل ہیں۔ میلان کے میئر نے شہریوں کے بنیادی مطالبات کے حق کو تسلیم کیا لیکن املاک کو نقصان پہنچانے اور پولیس پر حملوں کی شدید مذمت کی۔ یورپ کے دیگر ممالک بشمول پرتگال، اسپین اور یونان میں بھی معاشی مشکلات کے خلاف احتجاج کا سلسلہ جاری ہے۔ پرتگال کے دارالحکومت لزبن اور پورٹو میں مہنگائی اور ہاؤسنگ بحران کے خلاف ہزاروں افراد نے مارچ کیا جب کہ اسپین کے دارالحکومت میڈرڈ میں رہائشی اخراجات اور کرایوں میں بے پناہ اضافے کے خلاف شہریوں نے چوکوں پر خیمہ بستیاں آباد کر رکھی ہیں۔ دریں اثنا یونان میں موٹر آئل ریفائنری کے مزدوروں نے کام کے دوران حفاظتی انتظامات بہتر بنانے اور حالیہ حادثات کی شفاف تحقیقات کے لیے احتجاجی مظاہرہ کیا، جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ پورا خطہ معاشی دباؤ، مہنگائی اور مختلف نوعیت کے سماجی و اقتصادی بحرانوں کی لپیٹ میں ہے۔ سوال یہ ہے کہ یورپ کے اہم ممالک میں اتنی شدت سے ہونے والے ان عوامی احتجاج کی وجوہات کیا ہیں؟ مذکورہ بالا صورتحال میں اس تلخ حقیقت کو بھی کسی طور فراموش نہیں کیا جا سکتا کہ ایندھن کی بڑھتی قیمتوں نے یورپ بھر میں گھریلو بجٹ اور کاروبار کو بری طرح متاثر کیا ہے، جس سے زندگی گزارنے کے اخراجات کا دباؤ بے چینی کو جنم دے رہا ہے۔ علاوہ ازیں یورپی ممالک کوئلہ، تیل اور گیس روس سے درآمد کرتے تھے، یوکرین جنگ کے بعد یہ سپلائی بند ہونے کی وجہ سے پورے یورپ کو توانائی کے بحران کا سامنا ہے، یورپی ممالک کو اب توانائی کے متبادل اور مہنگے ذرائع پر انحصار کرنا پڑ رہا ہے جس کی وجہ سے مہنگائی اپنے عروج پر ہے۔ یورپی کمیشن کا اندازہ ہے کہ ایران تنازعہ نے تجارت اور توانائی منڈیوں میں خلل کے باعث یورپ کو تقریباً 100 ارب یورو (112 ارب ڈالر) کا نقصان پہنچایا ہے۔ گیس کی قیمتوں میں تقریباً 140 فی صد اضافہ ہوا ہے جبکہ ڈیزل کی قیمت دگنی ہو چکی ہے۔ یوکرین کے بحران سے قبل یورپی یونین اپنی کل درآمد شدہ گیس کا 40 سے 45 فی صد حصہ درآمد کرتی تھی۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اسرائیلی مفادات کے تحفظ کے لیے ایران پر جو جنگ مسلط کی ہے، اس کے نتیجے میں آبنائے ہرمز بند ہو چکی ہے اور دنیا بھر میں توانائی کا شدید بحران پیدا ہو گیا ہے۔ اس بحران نے نہ صرف مشرق وسطیٰ بلکہ عالمی معیشت میں بھی بھونچال برپا کر دیا ہے جس کے اثرات اب یورپ میں بڑھتی ہوئی مہنگائی اور عوامی احتجاج کی شکل میں سامنے آ رہے ہیں۔

24 اکتوبر ۔۔۔۔۔ یوم تاسیس آزاد کشمیر!

ضلع بھمبر میں یوم تاسیس آزاد کشمیر بھرپور قومی جوش و جذبے سے منایا جائے گا، تمام انتظامات مکمل

یوم تاسیس آزاد کشمیر کے موقع پر قومی پرچموں سے سجے شہر، پروقار مرکزی تقریب، دعائیہ تقریبات، شجرکاری، بلڈ ڈونیشن اور دیگر فلاحی سرگرمیاں اس تاریخی دن کو قومی جذبے اور ملی یکجہتی کے ساتھ یادگار بنائیں گی۔

ضلع بھمبر میں 24 اکتوبر کو یوم تاسیس آزاد کشمیر بھرپور قومی جوش و جذبے، ملی یکجہتی اور شایان شان انداز میں منایا جائے گا۔ اس سلسلہ میں ضلعی انتظامیہ کی جانب سے تمام انتظامات کو حتمی شکل دے دی گئی ہے، جبکہ مرکزی تقریب 24 اکتوبر 2026ء کو صبح 10 بجے ڈپٹی کمشنر آفس بھمبر کے سبزہ زار میں منعقد ہوگی۔

یوم تاسیس آزاد کشمیر کے حوالے سے انتظامات کا جائزہ لینے کے لیے ڈپٹی کمشنر بھمبر سردار فیصل مغل کی زیر صدارت ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں بھمبر، پولیس، مختلف سرکاری محکموں، بلدیاتی اداروں، سول سوسائٹی اور دیگر متعلقہ اداروں کے نمائندگان نے شرکت کی۔

اجلاس کے دوران 24 اکتوبر کو منعقد ہونے والی تقریبات، سیکیورٹی، ٹریفک، صفائی، بجلی کی فراہمی، شہر کی تزئین و آرائش اور دیگر انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر سردار فیصل مغل نے متعلقہ افسران کو ذمہ داریاں تفویض کرتے ہوئے ہدایت کی کہ یوم تاسیس آزاد کشمیر کی تمام تقریبات کو قومی جذبے، نظم و ضبط اور شایان شان انداز میں منعقد کرنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ یوم تاسیس آزاد کشمیر ہماری قومی تاریخ کا ایک اہم اور یادگار ...

خاص مضمون — عدنان مختار

لانگ مارچ کی ناکامی کا ذمہ دار کون؟

اظہار خیال — سلیم صافی

آزاد کشمیر کا 79واں یوم تاسیس!

خاص مضمون — محمد حنیف

24 اکتوبر: اقوام متحدہ اور آزاد کشمیر حکومت کا یوم تاسیس!

ارتعاش — ظفر مغل — Z.mughal92@gmail.com

ہوا گر قوتِ فرعون کی در پردہ مرید!

خبر و نظر — حکیم قاری محمد عبدالرحیم

خوشحال دیہات یا بلدیاتی اختیار؟

صدا بصحرا — رفیع صحرائی — rafisehraee5586@gmail.com

یار کو ہم نے جا بجا دیکھا ہے!

ملاقات

ضروری التماس

تمام مقدس اوراق قرآنی آیات مبارکہ، احادیث شریف و دیگر مقدس تحریروں کا احترام کرتے ہوئے انہیں محفوظ جگہ پر رکھیں۔

(ادارہ)

جملہ نمبر 1

پابندیوں اور جنگ کے باعث ملک کو مالی مشکلات کا سامنا ہے۔ امریکی سینٹرل کمانڈ کے سربراہ ایڈمرل بریڈ کوپر نے گزشتہ ہفتے دعویٰ کیا تھا کہ ایران پر فوجی حملوں اور اس کی جنوبی بندرگاہوں کی بحری ناکہ بندی سے ایرانی معیشت کو شدید نقصان پہنچا ہے۔ بریڈ کوپر کے مطابق امریکا نے ایران کی کم از کم 25 ارب ڈالرز کی خام تیل کی برآمدات روکنے کے ساتھ تقریباً 35 کروڑ ڈالرز کے کرپٹو کرنسی کے اثاثے بھی منجمد کرنے میں مدد دی۔ ان کا دعویٰ تھا کہ اس کے نتیجے میں ایرانی پاسداران انقلاب اپنے فوجیوں کو تنخواہیں دینے سے قاصر ہیں، جبکہ ایران سے منسلک علاقائی مسلح گروپوں کو بھی مالی قلت کا سامنا ہے۔

جملہ نمبر 2

ہوگیا، جس کے نتیجے میں عملے کا 1 رکن ہلاک ہوگیا، جبکہ دوسرے کی تلاش جاری ہے۔ فرانسیسی فضائیہ کے مطابق طیارہ منگل کی رات گرینچ معیاری وقت کے مطابق رات 9 بجے نینسی کے مضافات میں واقع ایئر بیس کے قریب گرا۔ فضائیہ کے ترجمان کرنل ڈیوڈ پاپالارڈو نے بتایا ہے کہ بظاہر عملے کا ایک رکن طیارے سے پیراشوٹ کے ذریعے باہر نکلنے میں کامیاب نہیں ہوسکا۔

جملہ نمبر 3

کے بعد آئندہ ہفتے کے اختتام پر بڑے پیمانے پر پولیس تعینات کرنے کا اعلان کیا ہے۔ انہوں نے اعتراف کیا کہ گزشتہ ہفتے کے تشدد سے نمٹنے کے لیے سکیورٹی انتظامات ناکافی رہے۔

جملہ نمبر 4

حملے کے دوران فوج نے 22 بارودی مواد یا گولہ بارود استعمال کیا۔ حکام کا کہنا ہے کہ ہلاک اور زخمی ہونے والوں میں خواتین، بچے، بزرگ، مقامی تاجروں، لوک ڈنکا برادری کے افراد، جنوبی سوڈان واپس آنے والے شہریوں اور سوڈانی پناہ گزینوں کی بڑی تعداد شامل ہے۔ اقوام متحدہ نے بھی اتفاق میں حملے کی مذمت کی ہے۔ اقوام متحدہ کے ترجمان اسٹیفن دوجارک کے مطابق اسیت مارکیٹ میں کم از کم 28 شہری ہلاک ہوئے، جبکہ متعدد افراد زخمی اور کئی لاپتا ہیں۔

جملہ نمبر 5

امریکا اعتماد کی بحالی کے لیے عملی اقدامات نہیں کرتا، کوئی مذاکرات نہیں ہوں گے۔ اعتماد سازی کے لیے امریکا کو ایران کی تمام شرائط پر مکمل عمل درآمد سے اقدامات کا آغاز کرنا ہوگا۔ محسن رضائی اس سے قبل بھی ایران کے افزودہ جوہری مواد کو قومی اثاثہ قرار دے چکے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ اس مواد کو ملک کے اندر استعمال کے لیے محفوظ رکھا گیا ہے۔

جملہ نمبر 6

مطابق ایک دفاعی کمپنی کے خلاف کرپشن تحقیقات کے نتیجے میں 2 ہزار کروڑ روپے سے زائد مالیت کے 10 فوجی معاہدے سوالات کی زد میں آگئے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق کمپنی کی انتظامیہ نے تقریباً 500 کروڑ روپے کا معاہدہ حاصل کرنے کے لیے ایک سرکاری عہدیدار کو رشوت دی۔

جملہ نمبر 7

کا فیصلہ کیا ہے۔ وزیراعظم سیباستیان لیکورنو نے گزشتہ ہفتے ہونے والے ہنگاموں پر قابو پانے میں حکومتی ناکامیوں کا اعتراف کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت کی فوری ترجیح ملک میں امن و امان کی صورت حال بحال کرنا ہے۔

جملہ نمبر 8

کی، جس میں دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تعلقات کے فروغ اور باہمی تعاون کو مزید وسعت دینے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔

جملہ نمبر 9

دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پولیس کی تمام ضروریات پوری کی جائیں گی۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ 13 سال کا حساب 11 دن میں نہیں ہوسکتا، تجاوزات کے خلاف کارروائی میں کوئی نرمی نہیں برتی جائے گی، تجاوزات میں ملوث کسی بھی انتظامی افسر کے خلاف کارروائی ہوگی۔

جملہ نمبر 10

جانب اہم پیش رفت قرار دیا گیا۔ ترک وزارت دفاع نے اپنے بیان میں بتایا کہ "بدر مفاہمتی یادداشت" کا مقصد فوجی پیداوار، دفاعی صلاحیتوں میں اضافے اور فوجی تربیت کے شعبوں میں تعاون کو فروغ دینا ہے۔ بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ اس کے علاوہ دفاعی ٹیکنالوجی، تحقیق اور ترقی کے شعبوں میں بھی مشترکہ اقدامات کیے جائیں گے۔ بیان کے مطابق چاروں ممالک اپنی اپنی دفاعی صنعتوں کی صلاحیتوں سے فائدہ اٹھاتے ہوئے مشترکہ منصوبوں پر کام کریں گے۔ ترک وزارت دفاع کے مطابق اس تعاون سے دفاعی پیداوار میں بہتری آئے گی اور دوست ممالک کی ضروریات پوری کرنے میں بھی مدد ملے گی۔

جملہ نمبر 11

دستاویزات کے مطابق ستمبر 2025 کے مقابلے میں ستمبر 2026 کے دوران تقریباً 913 ارب روپے زیادہ قرض حاصل کیا گیا۔ دستاویزات کے مطابق حکومت نے ستمبر کے دوران 3 ارب ڈالر کے بانڈز جاری کیے، جن میں سے 75،1 ارب ڈالر کے بانڈز پر شرح منافع 5،7 فیصد جبکہ باقی 25،1 ارب ڈالر کے بانڈز پر شرح منافع 9،7 فیصد مقرر کی گئی ہے۔ ان بانڈز کی مدت 2036 میں مکمل ہوگی۔ وزارت اقتصادی امور کے مطابق 3 ارب ڈالر کے بانڈز سے حاصل ہونے والی رقم بجٹ سپورٹ کے لیے استعمال کی جا سکے گی، جبکہ اس معاملے کی ایگزیکٹنگ ایجنسی وزارت خزانہ ہے۔ دستاویزات کے مطابق مذکورہ رقم کی مقامی کرنسی میں مالیت تقریباً 818 ارب روپے بنتی ہے۔ بانڈز کے علاوہ حکومت نے ان پراجیکٹ فنڈنگ، جس میں بجٹ سپورٹ اور مختصر مدت کے قرضے شامل ہیں، کی مد میں 17 ارب روپے بھی حاصل کیے۔ دستاویزات کے مطابق جولائی سے ستمبر کے دوران حکومت کو مجموعی طور پر 5 ارب 44 کروڑ ڈالر کے غیر ملکی قرضے اور گرانٹس موصول ہوئے۔ گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے دوران موصول ہونے والے ایک ارب 81 کروڑ ڈالر کے مقابلے میں رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں یہ رقم 3 ارب 63 کروڑ ڈالرز زیادہ رہی۔ حکومت نے اس عرصے کے دوران عالمی کمرشل بینک سے 30 کروڑ ڈالر کی میڈیم ٹرم قرض سہولت بھی حاصل کی۔ وزارت اقتصادی امور ڈویژن کی دستاویزات کے مطابق رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں نیا پاکستان سرٹیفکیٹس کے ذریعے حاصل ہونے والی رقوم میں بھی نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا، جبکہ اس دوران 94 کروڑ 27 لاکھ ڈالر مالیت کے نیا پاکستان سرٹیفکیٹس جاری کیے گئے۔

جملہ نمبر 12

کیا ہے۔ ایران نے اقوام متحدہ کو خط لکھ کر امریکا کی جانب سے مدر آف آل بم استعمال کرنے کی دھمکی کی مذمت کی اور مطالبہ کیا کہ امریکا اور اسرائیل کو ایسی دھمکیاں دینے سے روکا جائے۔ نیویارک میں اقوام متحدہ کے صدر دفتر میں ایران کے سفیر اور ناظم الامور غلام حسین درزی کی دستخط سے لکھا گیا یہ خط اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل اور سلامتی کونسل کے موجودہ صدر کو بھیجا گیا ہے۔ خط میں ایرانی نمائندے نے دونوں عہدیداروں سے مطالبہ کیا کہ وہ فوری طور پر امریکا اور اسرائیلی حکومت سے غیر قانونی دھمکیاں ختم کرنے اور اقوام متحدہ کے منشور اور بین الاقوامی قانون کے لازمی قواعد کے تحت اپنی ذمہ داریوں کی مکمل پابندی کرنے کا مطالبہ کریں۔

جملہ نمبر 13

میں رکھنے کی ہدایت کردی گئی۔ متعلقہ اتھارٹی کی پیشگی منظوری کے بغیر اضافی منزل، توسیع یا عارضی

کلاس روم کی تعمیر پر پابندی ہوگی، اسکول کی رجسٹریشن کو عمارت کے نقشے کی منظوری یا سائنسی مضبوطی کا سرٹیفکیٹ نہ سمجھا جائے۔ مراسلے کے مطابق غیر محفوظ قرار دی گئی عمارت کو تحریری سیفٹی کلیئرنس کے بغیر کھولنے پر پابندی ہوگی، نقشوں کی منظوری سے متعلق ہدایات پر عملدرآمد نہ کرنے والوں کے خلاف کارروائی کی۔

جملہ نمبر 14

گی۔ رپورٹ میں مزید انکشاف ہوا کہ چیک پوسٹوں، انسپکٹرز اور محکمہ معدنیات کی موجودگی کے باوجود غیر قانونی مائننگ پورے صوبے میں جاری رہی، جس سے مزید 3 ارب 8 کروڑ روپے صوبائی خزانے سے نکال لیے گئے۔ اسی طرح شاہراہوں اور اسمال ڈیمز کی تعمیر کے نام پر بجری اور ریت کے غیر قانونی طور پر نکالے جانے سے 3 ارب 7 کروڑ روپے ہڑپ کرلیے گئے۔ سرکاری آڈٹ رپورٹ کے مطابق معدنیات پر عائد ایکسائز ڈیوٹی کی مد میں 54 کروڑ 72 لاکھ روپے وصول ہی نہیں کیے گئے، جبکہ کوئلہ، بائسائیٹ، لائم اسٹون اور سوپ اسٹون کی کانوں سے 81 کروڑ روپے سے زائد کے بقایاجات بھی معاف کر دیے گئے۔ رپورٹ میں مزید انکشاف ہوا کہ پشاور میں محکمہ معدنیات کی زمین 10 ہزار روپے فی ایکڑ کے بجائے صرف 200 روپے فی ایکڑ پر دے کر 14 کروڑ روپے عوام کی جیب سے نکال لیے گئے۔ کوہاٹ، نوشہرہ، صوابی، ہری پور اور دیگر اضلاع میں اسمال ڈیمز کے واجبات کی عدم وصولی سے 53 کروڑ روپے سے زائد کا نقصان ہوا، جبکہ مردان میں رائلٹی کی مد میں 6 کروڑ 36 لاکھ روپے بھی دبا لیے گئے۔ آڈٹ رپورٹ کے مطابق آڈیٹر جنرل نے واضح طور پر ذمہ داران کے خلاف انکوائری کی سفارش کی۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ یہ معاملہ خیبر پختونخوا کے وسائل کی کھلی لوٹ مار ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ رپورٹ میں نامزد عہدیداروں کو قانون کے کٹہرے میں لا کر تحقیقات کی جائیں۔

جملہ نمبر 15

طور پر دورہ بھی لگایا۔ مذاکرات کے دوران دونوں رہنماؤں نے پاکستان اور مالدیپ کے دوطرفہ تعلقات کا جائزہ لیا اور علاقائی و عالمی امور پر تبادلہ خیال کیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے مالدیپ کے ساتھ دیرینہ برادرانہ تعلقات مزید مضبوط بنانے اور اس کی قومی ترقی کی ترجیحات میں تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا۔ مذاکرات میں اقتصادی تعاون کو خصوصی اہمیت دی گئی۔ دونوں رہنماؤں نے دوطرفہ تجارت، سرمایہ کاری، سیاحت، غذائی تحفظ، ادویات اور تعلیم کے شعبے کے درمیان شراکت داری بڑھانے پر اتفاق کیا۔ دونوں رہنماؤں نے فضائی اور بحری رابطوں کو بہتر بنانے اور مشترکہ اقتصادی کمیشن کا اجلاس جلد منعقد کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ وزیراعظم اور مالدیپ کے صدر نے اگلے دو سال میں دوطرفہ تجارت موجودہ ایک کروڑ 34 لاکھ ڈالر سے بڑھا کر 20 کروڑ ڈالر تک پہنچانے کا ہدف مقرر کیا۔ وزیراعظم نے مالدیپ کو ضروری غذائی اشیا اور ادویات کی فراہمی کے لیے پاکستان کی آمادگی کا اعادہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ فراہمی دونوں حکومتوں کے درمیان براہ راست انتظامات کے ذریعے ممکن بنائی جائے گی۔ وزیراعظم نے مالدیپ کے طلبہ کے لیے ہر سال مزید 20 انڈر گریجویٹ اسکالرشپس دینے کا اعلان کیا۔ انہوں نے صحت کے شعبے میں تعاون، پیشہ ورانہ تربیت اور اداروں کی استعداد بڑھانے کے لیے پاکستان کے عزم کا بھی اعادہ کیا۔ مالدیپ کے صدر کے "پانچ ملین درخت لگانے کے اقدام" کے تحت وزیراعظم نے اعلان کیا کہ پاکستان اگلے 12 ماہ کے دوران ایک لاکھ زیتون کے پودے اور مختلف پودوں کے ایک لاکھ بیج فراہم کرے گا۔ ان کی فراہمی متعلقہ پودوں کی موسمی دستیابی کے مطابق کی جائے گی۔ پاکستان اپنے ماہرین مالدیپ بھیجے گا، جو وہاں پودوں کی نرسریاں قائم کرنے میں مدد دیں گے۔

جملہ نمبر 16

مکہ اور مدینہ کو نشانہ بنانے کی کوشش اور سعودی شہروں پر حملے قابل مذمت ہیں، سکیورٹی معاہدہ خود مختاری اور سلامتی کے تحفظ کے مشترکہ عزم کی عکاسی کرتا ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب نے کہا کہ پاکستان سعودی عرب کے حق دفاع کی مکمل حمایت کرتا ہے، مشترکہ اقتصادی طاقت مشترکہ سلامتی کی حقیقی ضامن ہے۔ ڈاکٹر راشد الحمیٰ نے دونوں ممالک اور عوام کے درمیان گہرے برادرانہ اور اسٹریٹجک تعلقات کو سراہتے ہوئے تمام شعبوں میں تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔ انہوں نے سعودی عرب کے لیے پاکستانی حکومت، فوج اور عوام کی حمایت پر اظہار تشکر کیا ہے۔ سعودی سفیر نے مملکت کی سلامتی، استحکام اور علاقائی سالمیت کے تحفظ کے تمام اقدامات پر بھی اظہار تشکر کیا۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب کا ورثہ، مغلیہ یادگاروں سے لے کر زندہ روایات تک، اپنے آپ میں ایک کشش ہے، لاہور کی مہمان نوازی، کھانا، گرم جوشی پاکستان اور اس سے باہر بھی مشہور ہے۔

جملہ نمبر 17

سردار سلیم حیدر خان، چیئرمین سعودی پاک بزنس کونسل پرنس منصور بن محمد السعود، سابق نگران وفاقی وزیر گوہر اعجاز، معروف صنعتکار عارف حبیب سمیت دیگر اہم کاروباری شخصیات نے شرکت کی۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ پاکستان اور سعودیہ کا رشتہ قیامت تک قائم و دائم رہے گا، ہمیں فیلڈ مارشل اور وزیراعظم پر فخر ہے جنہوں نے یہ معاہدہ کیا، پاکستان کی پچیس کروڑ عوام سعودیہ کی فوج ہے، اگر موقع دیا جائے تو پوری قوم شہادت کے لئے تیار ہے۔ شہزادہ منصور بن محمد السعود نے تقریب سے خطاب میں کہا کہ یہاں کی مہمان نوازی سے بہت متاثر ہوا ہوں، سعودی پاک بزنس کونسل کا مقصد صرف کاروباری نہیں باہمی تعلقات کو بھی بڑھانا ہے، پاک سعودی بزنس کونسل کے تحت مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ میں سرمایہ کاری کے مواقع فراہم کریں گے۔ پرنس منصور بن محمد السعود کا کہنا تھا کہ پاکستان میں سرمایہ کاری کیلئے وسیع مواقع موجود ہیں، ہم طویل مدتی کاروباری تعلقات بنائیں گے، ان تعلقات کے ذریعے ہم وسیع کاروباری مواقع پیدا کریں گے، ہم پاکستانیوں کے لئے کاروباری کمپنیاں اور رئیل اسٹیٹ میں سرمایہ کاری کے مواقع فراہم کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا مقصد صرف گفت و شنید تک نہیں بلکہ عملی اقدامات بھی ہوگا، ہم دونوں ملکی کی خوشحالی کے لیے اقدامات کریں گے، اس ایکسپو کے ذریعے ہم پاکستانی کمپنیوں کو سعودیہ میں سرمایہ کاری کے مواقع حاصل کرنے کا موقع دیں گے۔

جملہ نمبر 18

داریوں کے فروغ پر زور دیا۔ ایونٹ میں ممتاز پاکستانی ٹیکنالوجی کمپنیوں، امریکی کاروباری شخصیات، سرمایہ کار اور پاکستانی نژاد امریکی کمیونٹی کے اراکین کی بھرپور شرکت کی۔ پاکستانی سفیر رضوان سعید شیخ نے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاک امریکا اقتصادی تعلقات میں جدید ٹیکنالوجی میں سرمایہ کاری، نئزویرانی اہمیت کی حامل ہے۔ امریکا عالمی ٹیکنالوجی کا مرکز اور پاکستان کی سب سے بڑی آئی ٹی برآمدی مارکیٹ ہے، جہاں ابھرتی ٹیکنالوجیز اور معلوماتی ڈیجیٹل میں دوطرفہ باہمی اقتصادی تعاون کے وسیع مواقع موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں تقریباً 60 فیصد سے اوپر آبادی 30 سال سے کم عمر نوجوانوں پر مشتمل ہے جو ہمارا قومی اثاثہ اور مستقبل کے معمار ہیں۔ سفیر پاکستان کا کہنا تھا کہ ٹیک کانفرنس میں شرکت کرنے والی پاکستانی کمپنیاں کو بین الاقوامی تجربہ اور اپنے مخصوص شعبوں میں مسلمہ مہارت حاصل ہے۔ کانفرنس کے انعقاد کا مقصد محض پاکستانی ٹیک کمپنیوں کی کار کردگی اور صلاحیتوں کی نمائش نہیں بلکہ عالمی معیار کے عین مطابق باہمی تجارتی روابط کو استوار کرنا

ہے۔ سفیر پاکستان نے پاکستانی تجار اور امریکی کمپنیوں کو کاروباری روابط بڑھانے، پاکستان کو قابل اعتماد اور مسابقتی ٹیکنالوجی شراکت دار کے طور پر متعارف کرانے اور عالمی سطح پر اس کی ساکھ مضبوط بنانے میں فعال کردار ادا کرنے کی تاکید بھی کی۔

جملہ نمبر 19

یہ وہی سندھ پولیس ہے جس نے بڑے بڑے مقدمات حل کرکے دکھائے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کراچی میں دہشت گردی، ٹارگٹ کلنگ اور بھتہ خوری کے واقعات پیش آتے رہے ہیں، ایسے واقعات صرف کراچی ہی نہیں بلکہ پاکستان اور پوری دنیا میں پیش آتے ہیں۔ پولیس کا فرض ہے کہ شفاف تحقیقات کرے اور ذمہ داران کو سزا دلوائے، یہ مقدمہ پولیس کے لیے بھی ایک سبق ہے کہ آئندہ عجلت کے بجائے مکمل تحقیقات کی جائیں۔ شرجیل میمن نے کہا کہ سندھ کابینہ کے فیصلے کے تحت ہی جوڈیشل کمیشن تشکیل دیا گیا تھا اور گزشتہ روز سندھ کابینہ کے اجلاس میں جوڈیشل کمیشن کی رپورٹ پیش کی گئی۔

جملہ نمبر 20

پرامن احتجاج ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ رانا ثنا اللہ اور احسن اقبال نے تجویز کیا تھا کہ وزیراعظم شہباز شریف امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن کی ملاقات سے پہلے مذاکراتی کمیٹیوں کے نمائندے مل بیٹھیں اور دونوں مذاکراتی کمیٹیاں مذاکرات کی سفارشات کو حتمی شکل دے دیں۔ لیاقت بلوچ نے کہا کہ ابھی تک حکومتی مذاکراتی کمیٹی کی جانب سے معاملے میں پیش رفت کی کوئی اطلاع نہیں ہے۔ جماعت اسلامی پیٹرول پر لی لٹر لیوی ختم ہونے کے خاتمے کے ذریعے عوام کو ریلیف دلانے کی جدوجہد کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی اپنے اصولی موقف سے پیچھے نہیں ہٹے گی۔

جملہ نمبر 21

ان اپیلوں پر فیصلے 19 نومبر سے 23 نومبر تک کیے جائیں گے۔ الیکشن کمیشن کے مطابق امیدواروں کی حتمی فہرست 25 نومبر کو جاری کی جائے گی، امیدواروں کو انتخابی نشانات 26 نومبر کو الاٹ کیے جائیں گے، اسلام آباد میں پولنگ 20 دسمبر کو صبح 8 بجے سے شام 4 بجے تک ہوگی، جبکہ الیکشن کمیشن 21 سے 24 دسمبر تک بلدیاتی انتخابات کے نتائج کا اعلان کرے گا۔ انتخابی شیڈول جاری ہونے کے بعد اسلام آباد میں سرکاری افسران کے تبادلوں اور تعیناتیوں کیلئے الیکشن کمیشن کی پیشگی منظوری لازمی قرار دی گئی ہے۔ الیکشن کمیشن نے واضح کیا ہے کہ انتخابی عمل کو شفاف اور منصفانہ بنانے کیلئے ضابطہ اخلاق پر عمل درآمد یقینی بنایا جائے گا، عام تعطیل کے باوجود الیکشن کمیشن اور ریٹرننگ افسران کے دفاتر کھلے رہیں گے تاکہ انتخابی امور بروقت نمٹائے جا سکیں۔

جملہ نمبر 22

حملوں پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ جنگ بندی کے باوجود فضائی حملے، گولہ باری اور ٹارگٹ کلنگ کا سلسلہ جاری ہے۔ خیال رہے کہ جنگ بندی کے آغاز سے اب تک غزہ میں اسرائیلی فائرنگ سے کم از کم 500،1 فلسطینی شہید ہوچکے ہیں۔

جملہ نمبر 23

سرنگوں سے ٹکرائے ہیں، ہم نے آبنائے ہرمز میں بین الاقوامی جہاز رانی کے راستوں کو بارودی سرنگوں سے پاک کردیا ہے۔ جاری بیان میں کہا گیا کہ ایران اپنی جارحانہ کارروائیوں میں میزائل اور ڈرونز استعمال کرتا ہے، ایران کے دعوؤں کے برعکس، آبنائے ہرمز کھلی ہے اور 95 فیصد بحری جہاز اس آبی گزرگاہ سے کامیابی کے ساتھ گزر جاتے ہیں۔

جملہ نمبر 24

معاہدے تک آبنائے ہرمز بند رہے گی۔ ایران نے امریکا کو سات روزہ منصوبہ پیش کیا تھا جس کے تحت پہلے روز آبنائے ہرمز کو کھولا جانا تھا، امریکی فریق نے بتایا کہ وہ شرائط سے اتفاق کرتا ہے لیکن چند مزید شقیں شامل کرنا چاہتا ہے۔ عباس عراقچی کا کہنا تھا کہ ایران چاہتا ہے کہ دوسرے معاملات پر بات چیت سے پہلے امریکا اسلام آباد مفاہمتی یادداشت کے تحت اپنے عہد وعدے پورے کرے، بحیرہ احمر میں ہونے والی کشیدگی سے ایران کا کوئی تعلق نہیں۔ ایران نے سعودی عرب اور یمن کے حوثیوں کے درمیان لڑائی ختم کرانے کے لیے ثالثی کی پیشکش کی تھی لیکن اب تک کسی فریق کی جانب سے کوئی جواب موصول نہیں ہوا۔

جملہ نمبر 25

ہلاک ہوا، جبکہ اس کا نامعلوم ساتھی موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا۔ پولیس حکام کے مطابق ملزم توقیر نذیر کو گرفتاری کے بعد عدالت میں پیش کیا گیا تھا، جہاں سے اسے چار روزہ جسمانی ریمانڈ پر پولیس کے حوالے کیا گیا۔ تاہم ملزم دوران حراست فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا تھا، جس کے بعد پولیس اس کی تلاش میں سرگرم تھی۔ پولیس کے بیان کے مطابق بہادر پور کے نارون بائی پاس کے قریب مشکوک موٹر سائیکل سواروں کو روکنے کی کوشش کی گئی تو ملزمان نے مبینہ طور پر فرار ہوتے ہوئے پولیس پر فائرنگ شروع کر دی۔ فائرنگ کے تبادلے کے دوران توقیر نذیر اپنے ہی ساتھی کی گولی لگنے سے ہلاک ہوگیا، جبکہ دوسرا ملزم فرار ہوگیا۔ واقعے کے حوالے سے مزید تفصیلات اور پولیس کی جانب سے باضابطہ تصدیق کا انتظار ہے۔

جملہ نمبر 26

کے نظام میں کسی بھی قسم کی رکاوٹ یا تاخیر کمپنیوں کے لیے بڑے مالی نقصانات اور ساکھ متاثر ہونے کا سبب بن سکتی ہے۔ حکمہ سائبر خطرات کی نشاندہی کے لیے کیسپر سکی سکیورٹی سروسز کے محققین نے گوداموں کے انفراسٹرکچر میں استعمال ہونے والے مختلف آلات اور ان کے ذریعے ممکنہ سائبر حملوں کا جائزہ لیا۔ تحقیق کے دوران ایک بڑے مینوفیکچرر کے تیار کردہ بارکوڈ اسکینر کے ماڈل میں ایسی خامی دریافت ہوئی جس سے حملہ آور گوداموں کے نیٹ ورک تک غیر مجاز رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ تحقیق کے مطابق عام طور پر گوداموں میں استعمال ہونے والے وائرلیس بارکوڈ اسکینرز ایک بیس اسٹیشن سے منسلک ہوتے ہیں جو آگے کمپیوٹر یا کسی دوسرے کاروباری نظام سے جڑا ہوتا ہے۔ اس نظام کی بنیادی کمزوری یہ ہے کہ اسکینر اور بیس اسٹیشن کے درمیان رابطے کے لیے شناخت کی تصدیق کا مؤثر طریقہ موجود نہیں ہوتا۔ کیسپر سکی کے ماہرین نے بتایا کہ سائبر حملہ آور اسکینر کے وائرلیس رابطے کو استعمال کرتے ہوئے گودام کے آپریشنل ٹیکنالوجی نیٹ ورک میں داخل ہو سکتے ہیں۔ ایک ممکنہ حملے میں ملازم معمول کے مطابق وائرلیس بارکوڈ اسکینر استعمال کر رہا ہوتا ہے

جملہ نمبر 27

بدحالی کی لپیٹ میں آکر سخت ترین مشکلات کا سامنا کرنے پر مجبور ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق طالبان رجیم کی نااہلی اور معاشی بدحالی نے ظلم ڈھانے والے اساتذہ کو روزگار کی تلاش میں سڑکوں پر لا کھڑا کیا ہے، جس کے باعث اساتذہ تعلیم چھوڑ کر کرشنگ جیسے مشکل کاموں پر مجبور ہو چکے ہیں اور تعلیم یافتہ افراد کو انتہائی غربت میں دھکیل دیا گیا ہے۔ معاشی اور تعلیمی ماہرین کے مطابق طالبان کی سخت گیر پالیسیوں اور سنگین معاشی بدحالی کی وجہ سے افغانستان میں باصلاحیت افراد کے لیے باعزت روزگار کے تمام مواقع روز بروز محدود ہوتے جا رہے ہیں، جبکہ طالبان رجیم کے تحت تعلیم یافتہ افغان نوجوان شدید بے روزگاری کا شکار ہیں اور ان کا مستقبل بالکل تاریک ہو چکا ہے۔

جملہ نمبر 28

شرکت کی۔ اس اجلاس میں نئے انتظامی یونٹس کے قیام، اختیارات کی نچلی سطح تک منتقلی، وسائل کی منصفانہ تقسیم اور عوام کو بہتر خدمات کی فراہمی پر زور دیا

گیا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں نئے صوبوں کی ضرورت ہے، تاہم نئے انتظامی یونٹس کے قیام کے لیے وسیع تر اتفاق رائے ضروری ہے، انتظامی یونٹس بڑھانے سے عوامی مسائل فوری حل کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔ سرفراز بگٹی نے بتایا کہ بلوچستان میں ڈویژنوں کی تعداد 8 سے بڑھا کر 12 کردی گئی ہے۔ قومی مباحثہ سے خطاب کرتے ہوئے سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ اس کے لیے ہمیں نئے صوبوں سے متعلق سوچ سمجھ کر فیصلہ کرنا ہوگا، میرا مشورہ ہے ڈویژن کی سطح پر نئے یونٹس بنا دیں، انگریز کے بنائے گئے ڈویژن جغرافیائی لحاظ سے ایک بہترین نظام ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ پوری ملک میں تقریباً 32 کے قریب ایڈمنسٹریٹو یونٹس بنیں گے، آپ کو پولیس کا نظام بھی لوکل کرنا پڑے گا، گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر میں پولیس کا رویہ عوام سے بہتر ہے، جتنی شدت سے صوبوں کا مطالبہ ہے، اتنی ہی مخالفت بھی ہے۔ شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ ہر انتظامی نظام کے لیے پولیس کو بھی مقامی سطح پر منظم کرنا ہوگا، انہوں نے گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر میں پولیس کے عوام کے ساتھ رویے کا حوالہ بھی دیا۔ سابق وفاقی وزیر اسد عمر نے کہا کہ نئے صوبے بنانے میں کوئی حرج نہیں اور آئین میں اس حوالے سے طریقہ کار موجود ہے، پاکستان کا اصل مسئلہ محض اختیارات کی منتقلی نہیں بلکہ انتظامی نظام کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا بھی ہے۔ اسد عمر نے کہا کہ ملک کی تقریباً 25 کروڑ آبادی کے لیے 859 نمائندے ہیں، جبکہ ان کی تعداد ایک لاکھ تک ہونی چاہیے، انہوں نے بااختیار مقامی حکومتوں کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ نئے صوبوں اور انتظامی یونٹس کے قیام سے عوام کو خدمات کی فراہمی بہتر بنائی جاسکتی ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ آئین میں نئے صوبے بنانے کا طریقہ کار موجود ہے، نئے صوبے بنانا تقسیم نہیں، سرائیکی اور الیوری کا مسئلہ ورثنگ گیپ ہے، ملک کی دو اسمبلیاں نئے صوبوں کے قیام سے متعلق قراردادیں منظور کرچکی ہیں۔ مسلم لیگ (ن) کے رہنما خرم دستگیر نے کہا کہ نئے صوبوں کی تشکیل کا عمل انتہائی اہم ہے، تاہم اس سے پہلے آبادی پر قابو پانے اور نئے انتظامی ڈھانچے کے لیے ضروری بنیادیں تیار کرنے کی ضرورت ہے۔ مباحثے میں شرکا نے اس امر پر اتفاق رائے کی ضرورت پر زور دیا کہ انتظامی اصلاحات اور نئے صوبوں کے قیام سے متعلق فیصلے سوچ سمجھ کر کیے جائیں، تاکہ وسائل کی منصفانہ تقسیم، مقامی حکومتوں کے استحکام اور عوامی مسائل کے مؤثر حل کو یقینی بنایا جاسکے۔

جملہ نمبر 29

چاہیے۔ انہوں نے کہا "اگر دونوں فریق دلچسپی ظاہر کریں تو ہم انہیں ضروری معاونت فراہم کرنے کے لیے تیار ہیں۔ وہ ہماری اس آمادگی سے آگاہ ہیں۔" روس اور افغانستان کے درمیان فوجی و تکنیکی تعاون کے حوالے سے زاخارووا نے بتایا کہ رواں سال جون میں ماسکو میں بین الاقوامی سلامتی فورم کے موقع پر دونوں ممالک کے درمیان ایک بین الحکومتی معاہدے پر دستخط ہوئے تھے۔ ان کے مطابق یہ معاہدہ تعاون کا قانونی فریم ورک فراہم کرتا ہے، جس کا مقصد افغانستان کی دفاعی اور انسداد دہشت گردی کی صلاحیتوں کو مضبوط بنانے میں مدد دینا ہے۔

جملہ نمبر 30

منیر کا خصوصی شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ مسئلہ کشمیر کو عالمی سطح پر مؤثر انداز میں اجاگر کرنے اور کشمیری عوام کے حق خودارادیت کی حمایت میں پاکستان کی مسلسل سفارتی کوششیں قابل تحسین ہیں۔ صدر آزاد جموں و کشمیر ڈاکٹر محمد نجیب خان نے کہا کہ مسئلہ جموں و کشمیر اقوام متحدہ کے ایجنڈے پر موجود ایک دیرینہ تنازعہ ہے، جس کا منصفانہ اور پائیدار حل اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں اور کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق ہی ممکن ہے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام گزشتہ کئی دہائیوں سے اپنے بنیادی حق، حق خودارادیت کے حصول کے لیے جدوجہد کر رہے ہیں اور عالمی برادری کی ذمہ داری ہے کہ وہ ان قراردادوں پر عمل درآمد کے لیے مؤثر کردار ادا کرے۔ انہوں نے کہا کہ او آئی سی کی جانب سے مسئلہ کشمیر کے منصفانہ حل پر زور دینا اس امر کا مظہر ہے کہ عالمی اسلامی برادری کشمیری عوام کے حق خودارادیت کی حمایت کرتی ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ او آئی سی کے رکن ممالک اس اہم مسئلے کو عالمی فورمز پر مزید مؤثر انداز میں اجاگر کریں گے اور بھارت پر زور دیں گے کہ وہ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق تنازع کشمیر کے حل کے لیے عملی اقدامات کرے۔ صدر ریاست نے کہا کہ پاکستان اور آزاد جموں و کشمیر کے عوام کے درمیان مسئلہ کشمیر کے حوالے سے یکجہتی اور وابستگی ایک مضبوط رشتہ ہے، انشاءاللہ کشمیری عوام پوری ریاست جموں و کشمیر کا الحاق پاکستان سے کرنے کے مشن کو مکمل کر کے رہیں گے۔

جملہ نمبر 31

زرداری اور وزیر اعظم شہباز شریف کی جانب سے مالدیپ کے صدر کو خیر سگالی کے پیغامات بھی پہنچائے۔ ملاقات کے دوران دونوں ممالک کے درمیان تجارت، سرمایہ کاری، تعلیم، موسمیاتی تبدیلی اور سیاحت سمیت مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون بڑھانے پر زور دیا گیا۔ اس موقع پر باہمی تعلقات کو وسعت دینے اور دونوں ممالک کے لیے فائدہ مند تعاون کے نئے مواقع تلاش کرنے کی اہمیت پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے مالدیپ پاکستان بزنس فورم میں مالدیپ کے کاروباری وفد کی شرکت کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ کاروباری شخصیات کے درمیان براہ راست ملاقاتوں سے تجارت اور سرمایہ کاری کے ٹھوس مواقع پیدا ہوں گے۔ انہوں نے دونوں ممالک کے مختلف شعبوں کے درمیان روابط بڑھانے کی اہمیت پر بھی زور دیا۔ مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیزو نے پاکستان کے ساتھ قریبی تعلقات مزید گہرے کرنے کی خواہش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مالدیپ پاکستان کے ساتھ باہمی فائدہ مند تعاون کے نئے راستے تلاش کرنا چاہتا ہے۔ انہوں نے پاکستان میں اپنے پرتپاک استقبال اور مہمان نوازی پر بھی اظہار تشکر کیا۔ ملاقات میں اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ پاکستان اور مالدیپ باہمی تعاون کو فروغ دے کر مختلف شعبوں میں شراکت داری کو مزید مستحکم کریں گے اور دونوں ممالک کے عوام کے لیے مشترکہ ترقی اور خوشحالی کے نئے امکانات پیدا کریں گے۔

جملہ نمبر 32

عراقی ٹی وی کو انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ یہ پیشکش رواں ماہ کے شروع میں اس وقت کی گئی تھی جب حوثیوں نے سعودی عرب پر حملوں میں اضافہ کیا تھا۔

جملہ نمبر 33

جہازوں کو درپیش خطرات اور سعودی عرب میں تیل کی تنصیبات کو لاحق خطرات کے باعث تاجروں میں تشویش پائی جاتی ہے۔ برینٹ خام تیل کی قیمت ایک ڈالر 21 سینٹ اضافے کے بعد 110 ڈالرز فی بیرل ہوگئی۔ امریکی خام تیل ویسٹ ٹیکساس انٹرمیڈیٹ (ڈبلیو ٹی آئی) کی قیمت بھی ایک ڈالر سے زائد اضافے کے بعد 99 ڈالر فی بیرل تک پہنچ گئی۔

جملہ نمبر 34

مزید تفصیلات سامنے نہیں آئیں۔ سعودی اتحادی فوج کے مطابق ڈرونز کو مختلف مقامات پر کارروائی کے دوران تباہ کیا گیا۔ واقعے کے بعد خطے میں سکیورٹی صورت حال اور ممکنہ خطرات کے حوالے سے تشویش پائی جاتی ہے۔ یمنی فورسز کے بھاری جانی و مالی نقصان کے دعوے کے دوسری جانب یمنی حکومتی فورسز نے دعویٰ کیا ہے کہ گزشتہ 24 گھنٹوں

کے دوران کارروائیوں میں حوثی ملیشیا کے 558 جنگجو ہلاک اور 135 فوجی گاڑیاں تباہ کر دی گئیں۔ یمنی حکومتی فورسز کے مطابق صوبہ تعز میں حوثی ملیشیا کی پیش قدمی روک دی گئی ہے۔ تاہم ہلاکتوں اور فوجی گاڑیوں کی تباہی سے متعلق ان دعوؤں کی آزاد ذرائع سے تصدیق سامنے نہیں آئی۔ ریاض ایئرپورٹ پر فضائی آپریشن محدود شرائط کے تحت بحال حوثی باغیوں کے حالیہ حملوں کے بعد 10 اکتوبر سے عارضی طور پر بند سعودی دارالحکومت ریاض کے کنگ خالد انٹرنیشنل ایئرپورٹ کو محدود اور سخت سکیورٹی شرائط کے تحت فضائی ٹریفک کے لیے دوبارہ کھول دیا گیا ہے۔ سعودی عرب کی سول ایوی ایشن اتھارٹی کے جاری کردہ تازہ نوٹم کے مطابق ریاض ایئرپورٹ پر آنے اور جانے والی پروازوں کے لیے ایوی ایشن اتھارٹی سے پیشگی اجازت لینا لازمی قرار دیا گیا ہے۔ نوٹم کے مطابق سکیورٹی وجوہات کی بنا پر کسی بھی ہنگامی صورت حال میں ریاض ایئرپورٹ کو متبادل ایئرپورٹ کے طور پر استعمال کرنے پر بھی پابندی عائد کی گئی ہے۔ خطے میں ڈرون حملوں، یمن میں جاری لڑائی اور فضائی سفر پر عائد پابندیوں کے باعث سکیورٹی صورت حال بدستور اہمیت اختیار کیے ہوئے ہے، جبکہ ریاض ایئرپورٹ پر پروازوں کی بحالی سخت نگرانی اور پیشگی اجازت سے مشروط ہے۔

جملہ نمبر 35

کے علاوہ لیپ ٹاپ، ٹیبلٹس، موبائل فونز اور پی ٹی اے سے منظور شدہ ڈیجیٹل آلات پابندی سے مستثنیٰ قرار دیے گئے ہیں۔

جملہ نمبر 36

فورسز کی جوابی فائرنگ سے حملہ آور فرار ہو گیا۔ پولیس کے مطابق سرچ آپریشن کے بعد علاقے کو کلیئر کردیا گیا ہے۔

جملہ نمبر 37

محکمہ خارجہ نے واضح کیا کہ قانون کی خلاف ورزی کرنے والے غیر ملکی شہریوں کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل کیا جارہا ہے۔

جملہ نمبر 38

بتایا گیا کہ مجرم اپنی سوتیلی بیٹی سے والدہ کی عدم موجودگی میں ایک سال تک مسلسل زیادتی کرتا رہا، عدالتی فیصلے میں واضح کیا گیا کہ پنجاب فرانزک سائنس ایجنسی کے ڈی این اے ٹیسٹ سے اہم شواہد ملے اور پیدا ہونے والے بچے کا ڈی این اے مجرم سے میچ کرگیا تھا۔ واقعے کا مقدمہ فروری 2025 میں متاثرہ بچی کی والدہ کی مدعیت میں تھانہ شہزادہ ٹاؤن میں درج کیا گیا تھا۔

جملہ نمبر 39

کے افسران ہر مسافر سے ویکسینیشن کے ساڑھے 4 ہزار روپے لے رہے تھے، ایف آئی اے کروڑوں روپے کی ویکسین کی خریداری کی بھی تحقیقات کر رہی ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ کراچی ایئرپورٹ پر بین الاقوامی مسافروں کے لیے ویکسینیشن کاؤنٹر بھی بند کر دیا گیا ہے۔ ایئرپورٹ حکام کے مطابق کراچی ایئرپورٹ کے ڈپارچر لاؤنج میں بارڈر ہیلتھ سروسز نے اچانک ویکسینیشن کاؤنٹر بند کر دیا۔ واضح رہے کہ بارڈر ہیلتھ سروسز وفاقی وزارت صحت کا ماتحت ادارہ ہے۔

جملہ نمبر 40

بڑھ کر 96،12 فیصد کردیا گیا ہے۔

جملہ نمبر 41

خلاف ورزی پر بھٹوں کو 19 لاکھ 50 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا گیا جبکہ ایک بھٹے کے خلاف ایف آئی آر بھی درج کرائی گئی۔ غیر معیاری پلاسٹک کے خلاف کارروائیوں کے دوران 227 مقامات کی چیکنگ کی گئی، 9 مقامات سیل اور 840 کلوگرام غیر معیاری پلاسٹک ضبط کیا گیا۔ ان کارروائیوں میں 97 ہزار روپے جرمانہ بھی عائد کیا گیا۔ بارہ کہو اور کرشنگ کلنگ پوائنٹس کے خلاف کارروائی کے دوران 104 مقامات کی انسپکشن کی گئی۔ دھوئیں کی روک تھام کے لیے 48 مقامات پر سکشن ہڈز نصب کرائے گئے جبکہ خلاف ورزی پر 10 بارہ کہو اور کرشنگ کلنگ پوائنٹس سیل کرکے 60 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا گیا۔ اڑتی دھول پر قابو پانے کے لیے 14 مقامات کی انسپکشن کی گئی، ایک مقام سیل کیا گیا اور 2 مقامات پر سپر نکلر نصب کرائے گئے۔ ای پی اے ماحولیات کے مطابق آلودگی پھیلانے والے عناصر کی نگرانی کے لیے ڈرون، ناٹ اور پاک آئی اسکواڈز کی مدد لی جارہی ہے۔ رات کے اوقات میں بھی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ اسموگ کے تدارک کے لیے جدید ٹیکنالوجی اور فیلڈ انفورسمنٹ کو مربوط کر دیا گیا ہے جبکہ آلودگی پھیلانے والوں کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔

جملہ نمبر 42

کیلئے کے لیے پہلے سے جاری کیے گئے این او سیز بھی واپس تصور ہوں گے اور قواعد کی تیاری تک پابندی برقرار رہے گی۔ عدالت نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی ہے کہ شیشہ کیفے سے متعلق قواعد و ضوابط بغیر کسی غیر ضروری تاخیر کے فوری طور پر مکمل کرائے جائیں، تاکہ اس معاملے کو قانونی تقاضوں کے مطابق حل کیا جاسکے۔ اسلام آباد ہائیکورٹ نے چیف کمشنر، ڈپٹی کمشنر اور انسپکٹر جنرل پولیس اسلام آباد کو عدالتی حکم پر مؤثر عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت بھی کی ہے۔ عدالت نے فیصلے کی نقل تمام متعلقہ حکام کو فراہم کرنے کا حکم دیا ہے تاکہ پابندی پر عملدرآمد میں کسی قسم کی رکاوٹ نہ ہو۔ اسلام آباد ہائیکورٹ نے ان ہدایات کے ساتھ شیشہ کیفے سے متعلق دائر تمام درخواستیں نمٹا دی ہیں۔ فیصلے کے تحت وفاقی دارالحکومت میں شیشہ کیفے پر پابندی اس وقت تک برقرار رہے گی جب تک متعلقہ قواعد و ضوابط مکمل نہیں ہو جاتے۔

جملہ نمبر 43

پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایڈوائزری کونسل کے اراکین کو قابل اور تجربہ کار قرار دیا ہے۔ عوام کا کہنا ہے کہ ایڈوائزری کونسل کے لیے منتخب اراکین ماضی میں بھی اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرچکے ہیں، اس لیے امید ہے کہ ان کی شمولیت سے علاقے میں ترقیاتی کاموں کا آغاز ہوگا۔ عوام کے شہریوں کے مطابق گزشتہ 13 سال کے دوران علاقے میں کوئی ترقیاتی کام نہیں ہوا، جبکہ سڑکوں، صحت اور تعلیم کا نظام انتہائی خراب ہے۔ عوام نے امید ظاہر کی کہ گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کے بعد فنڈز بروقت جاری ہونے سے بنوں سمیت جنوبی خیبر پختونخوا کے دیگر اضلاع میں حقیقی ترقی کا آغاز ہوگا اور عوام کا اعتماد بحال ہوگا اور ان کی توقعات پوری ہوں گی۔

جملہ نمبر 44

نوفل بن چودھری نعیم کریم سیمت متعلقہ محکموں کے سینئر افسران اور نامزد نوفل پرسنز نے شرکت کی۔

جملہ نمبر 45

میں تعلیم مقاصد کے حصول کے لیے خلوص دل سے محنت اور ثابت قدمی کا اپنا شعار بنائیں۔ اختتام پر پرنسپل نے مہمان خصوصی کو کالج کا نشان پیش کیا۔

جملہ نمبر 46

ہکمیری محنت، مستقل مزاجی، لگن اور نوجوانوں کے روشن مستقبل کے لیے کیے جانے والے اقدامات کا اعتراف ہے۔ میں یہ اعزاز اپنے والدین، اساتذہ، رہنماؤں اور ان تمام افراد کے نام کرتی ہوں جنہوں نے ہر قدم پر میری حوصلہ افزائی کی، میرا ساتھ دیا اور مجھے آگے بڑھنے کا حوصلہ بخشا۔ بالخصوص میں پاکستان کے ان باہمت نوجوانوں کو یہ اعزاز منسوب کرتی ہوں جو مشکلات کے باوجود اپنے خوابوں کی تکمیل کے لیے جدوجہد جاری رکھتے ہیں اور کبھی ہمت نہیں ہارتے۔ یہ ایوارڈ میں متبوضہ جموں و کشمیر کے ان بہادر نوجوانوں کے نام بھی کرتی ہوں جن

کے دلوں میں آزادی کی تڑپ، آنکھوں میں روشن مستقبل کے خواب اور عزم میں استقامت موجود ہے۔ میں سمجھتی ہوں کہ نوجوان کسی بھی قوم کا حقیقی سرمایہ ہوتے ہیں اور ان کی صلاحیتوں کو مثبت سمت دینا ایک مضبوط، خوشحال اور ترقی یافتہ معاشرے کی بنیاد ہے۔ انہوں نے کہا کہ میرا یقین ہے کہ حوصلہ، محنت، دیانت داری اور مستقل مزاجی کے ساتھ کوئی بھی منزل ناممکن نہیں رہتی۔ یہ کامیابی میرے لیے اختتام نہیں بلکہ ایک نئے سفر کا آغاز ہے۔ ان شاء اللہ، میں پاکستان، بالخصوص آزاد جموں و کشمیر کے نوجوانوں کی ترقی، تعلیم، صلاحیتوں کے فروغ اور بہتر مستقبل کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھوں گی۔ میں اللہ تعالیٰ سے دعا گو ہوں کہ وہ مجھے اس اعزاز کے تقاضے پورے کرنے، عوامی خدمت کے جذبے کو برقرار رکھنے اور نوجوان نسل کے لیے مثبت کردار ادا کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ پرائم منسٹر یوتھ پروگرام کی جانب سے سحرش قمر کو یوتھ ایکسیلنس ایوارڈ 2026 ملنے پر مختلف سیاسی، سماجی اور عوامی حلقوں کی جانب سے مبارکباد پیش کی گئی ہے۔ شخصیات نے ان کی کامیابی کو نوجوانوں، بالخصوص آزاد جموں و کشمیر کی نوجوان نسل کے لیے حوصلہ افزا قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ اعزاز ان کی محنت، صلاحیتوں اور آگے بڑھنے کے جذبے کا اعتراف ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ سحرش قمر مستقبل میں بھی نوجوانوں کی فلاح و بہبود، تعلیم، ترقی اور مثبت سماجی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے اپنا کردار مؤثر انداز میں ادا کرتی رہیں گی۔ ان کا کہنا تھا کہ نوجوانوں کی کامیابیاں نہ صرف ان کے خاندان بلکہ پورے معاشرے کے لیے باعث فخر ہوتی ہیں۔ سیاسی و سماجی شخصیات نے سحرش قمر کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ انہیں مزید کامیابیوں سے نوازے اور وہ اپنی صلاحیتوں کو ملک و قوم، بالخصوص نوجوان نسل کی بہتری کے لیے بروئے کار لاتی رہیں۔

جملہ نمبر 47

کا قانونی حق ختم نہیں کیا جاسکتا، خصوصی ٹریبونل کے قیام میں حکومتی تاخیر کی سزا شہری کو نہیں دی جا سکتی، فیصلے کے مطابق شہری نے ٹریبونل کے قیام سے قبل ہی سول عدالت سے رجوع کرلیا تھا، ٹریبونل قائم ہونے کے بعد شہری نے بلا تاخیر متعلقہ فورم سے رجوع کیا، ریاست کسی شہری کو قانونی حق دے کر اس کے نفاذ کے لیے خصوصی فورم مقرر کرے۔ عدالت نے فیصلے میں لکھا کہ حکومت خود اس فورم کے قیام میں تاخیر کرے تو اس انتظامی تاخیر کا خمیازہ شہری کو نہیں بھگتنا چاہیے، قانون کسی شخص سے ایسے فورم سے رجوع کرنے کا تقاضا نہیں کرسکتا جو اس وقت قانونی طور پر قائم ہی نہ ہوا ہو۔ موجودہ مقدمے میں اپیل کنندہ نے 28 جولائی 2025 کو سول عدالت سے رجوع کیا تھا، پنجاب حکومت نے 22 ستمبر 2025 کو جنگ عزت ٹریبونل قائم کیے، سول عدالت کی جانب سے دعویٰ واپس کیے جانے کے بعد اپیل کنندہ نے 13 نومبر 2025 کو متعلقہ ٹریبونل سے رجوع کیا تھا۔

جملہ نمبر 48

سے پایہ تکمیل تک پہنچائے گی۔ پاکستان پیپلز پارٹی سنٹرل پنجاب کے صدر اور سابق وزیراعظم راجہ پرویز اشرف کی جانب سے راولپنڈی کے ضلعی صدر شوکت علی عباسی کو "لوکل باڈیز الیکشن پر پریذیڈنٹ ایڈ مانیٹرنگ کمیٹی سنٹرل پنجاب" کا ممبر نامزد کیے جانے پر پارٹی کے حلقوں اور کارکنان میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے۔ پارٹی کے ضلعی عہدیداران، تحصیل صدور اور کارکنوں کی جانب سے شوکت علی عباسی کو اس اہم ترین تنظیمی ذمہ داری پر دلی مبارکباد پیش کی گئی ہے اور امید ظاہر کی گئی ہے کہ ان کی بہترین صلاحیتوں کی بدولت انشاءاللہ پیپلز پارٹی ضلع راولپنڈی میں بلدیاتی انتخابات میں بھرپور اور تاریخی کامیابی حاصل کرے گی۔ اس موقع پر ضلعی قیادت کا کہنا ہے کہ صدر شوکت علی عباسی کی قیادت میں ضلع راولپنڈی کی پانچوں تحصیلوں میں بلدیاتی الیکشن کے حوالے سے تیاریاں پہلے ہی زور و شور سے جاری ہیں۔ اس نئی تنظیمی ذمہ داری کے بعد ان تیاریوں میں مزید تیزی آئے گی۔

جملہ نمبر 49

سیکرٹری شاہد زمان لک اور دیگر متعلقہ افسران نے بھی شرکت کی۔ وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے کہا کہ پی ڈی پی شہروں میں بنیادی میونسپل خدمات کی فراہمی کا بڑا منصوبہ ہے جس کے تحت اب تک 51 شہروں میں 99 زیر زمین واٹر ٹینکس کی تعمیر مکمل ہوچکی ہے جبکہ مزید 11 سٹوریج ٹینکس کی تعمیر آخری مراحل میں ہے۔

جملہ نمبر 50

محکمہ اوقاف کی کارکردگی، وقف املاک اور دیگر انتظامی امور کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے دیں۔ اجلاس میں ایڈمنسٹریٹر اوقاف گل نواز خان سمیت متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران مشیر اوقاف کو محکمے کی وقف املاک، متعلقہ قوانین، جاری سرگرمیوں، عدالتی مقدمات، درپیش مسائل اور مجموعی کارکردگی کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی گئی۔

جملہ نمبر 51

خلاف دفعہ 182 تعزیرات پاکستان کے تحت فوجداری کارروائی بھی ختم کردی۔ جسٹس غلام سرور نہنگ نے شہری محمد شاہد کی درخواست منظور کرلی۔ لاہور ہائیکورٹ نے ماتحت عدالتوں کے 26 فروری اور 24 مارچ 2025 کے احکامات بھی کالعدم قرار دے دیے۔ پراپرٹی ٹیکس ریکارڈ میں شناختی کارڈ نمبر کی غلطی درست ہونے پر شہری کے خلاف فوجداری کارروائی شروع کی گئی تھی۔ جسٹس غلام سرور نہنگ نے فیصلے میں کہا کہ محض الزام ثابت نہ ہونے پر شہری کو جھوٹی اطلاع دینے کا مرتکب قرار نہیں دیا جاسکتا، اطلاع جھوٹی ہونے کا علم اور بدنیتی ثابت کرنا ضروری ہے۔

جملہ نمبر 52

کے صدر میجر جنرل (ر) مسعود الرحمن کیانی نے پاکستان میں غیر متعدی بیماریوں کی تشویشناک صورتحال پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ ملک میں ہونے والی مجموعی اموات میں تقریباً 60 فیصد اموات غیر متعدی بیماریوں کے باعث ہوتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں ساڑھے تین کروڑ سے زائد افراد ذیابیطس کا شکار ہیں، جبکہ موٹاپا، امراض قلب اور خوراک سے منسلک دیگر بیماریاں خاندانوں اور ملکی نظام صحت پر مسلسل بھاری بوجھ ڈال رہی ہیں۔

جملہ نمبر 53

ووٹنگ (ای پولنگ) کے ذریعے منعقد ہوئے، جن میں ادارے بھر سے ایگزیکٹوز نے بھرپور جوش و خروش کے ساتھ حصہ لیا۔ انتخابات میں جناب فرخ مجید بالا اتفاق ایسوسی ایشن کے صدر منتخب ہو گئے۔ دیگر کامیاب امیدواروں میں جناب وقاص اللہ خان (نائب صدر)، جناب کاشف منہاس (جنرل سیکرٹری)، جناب وہیب افتخار (جوائنٹ سیکرٹری)، جناب ضیاء الرحمن (سوشل سیکرٹری)، محترمہ مدیحہ اسد (فنانس سیکرٹری) اور مسز نازیہ رشید (انفارمیشن سیکرٹری) شامل ہیں۔ علاوہ ازیں، ایگزیکٹو کمیٹی کے لیے آٹھ اراکین بھی منتخب ہوئے۔ سوئی ناردرن کے الیکشن کمیشن نے انتخابی عمل کو مؤثر اور منظم انداز میں پایہ تکمیل تک پہنچایا۔ نومنتخب عہدیداران نے ایسوسی ایشن کو مزید مستحکم بنانے، ایگزیکٹوز کے پیشہ ورانہ مفادات کے تحفظ، تمام اراکین کی شمولیت کو فروغ دینے اور باہمی مشاورت، تعمیری مکالمے اور انتظامیہ کے ساتھ کے ذریعے اراکین کے مسائل کے حل کے عزم کا اظہار کیا ہے۔

جملہ نمبر 54

وضع داور سرکاری ریکارڈ کی مناسب دیکھ بھال یقینی بنانے پر بھی زور دیا۔ اسسٹنٹ کمشنر نے واضح کیا کہ عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی اور سرکاری امور میں شفافیت برقرار رکھنا متعلقہ عملے کی بنیادی ذمہ داری ہے۔

جملہ نمبر 55

ایم او یو کے تحت فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی اور فیوچر ڈویلپمنٹ ہولڈنگز پرائیویٹ لمیٹڈ (FDHL) کے درمیان شراکت داری کا آغاز کیا گیا ہے۔ اس معاہدے کے تحت تحصیل و ضلع راولپنڈی میں کیپٹل سمارٹ سٹی کے حدود میں واقع 2000 کنال زمین پر جدید ہاؤسنگ اسکیم تشکیل دی جائے گی۔ یہ پروجیکٹ "لینڈ شیئرنگ ماڈل" (Land Sharing Model) کے تحت تیار کیا جائے گا۔ تقریب میں FDHL کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر بریگیڈیئر (ریٹائرڈ) محمد ندیم اسلم اور ایف جی ای ایچ اے کے اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ اتھارٹی حکام کا کہنا تھا کہ اس شراکت داری سے وفاقی ملازمین اور عام شہریوں کو عالمی معیار کی جدید رہائشی سہولیات کی بروقت اور شفاف فراہمی ممکن ہو سکے گی۔ ڈی جی (FGEHA) کیپٹن (ر) محمد ظفر اقبال کا کہنا تھا کہ کیپٹل سمارٹ سٹی ایک جدید، خوبصورت اور بہترین طرز زندگی کا حامل منصوبہ ہے، جہاں رہائش کے ساتھ ساتھ زندگی کی تمام بنیادی اور جدید سہولیات کو ایک ہی جگہ فراہم کرنے پر خصوصی توجہ دی گئی ہے۔

جملہ نمبر 56

ہدایت کی کہ شہریوں کے ساتھ خوش اخلاقی، شائستگی اور احترام سے پیش آیا جائے، ان کے مسائل کو توجہ اور تحمل سے سنا جائے اور قانون کے مطابق فوری داد رسی یقینی بنائی جائے۔ مزید برآں، منشیات فروشی، جرائم کے خاتمے اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے تمام افسران کو اپنی ذمہ داریاں پیشہ ورانہ مہارت، دیانت داری اور فرض شناسی کے ساتھ ادا کرنے کی ہدایت کی گئی۔ ڈی پی او اٹک ڈاکٹر رضا تنویر سپرا نے واضح کیا کہ فرائض میں غفلت، ناقص تفتیش اور شہریوں کے ساتھ نامناسب رویہ کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ مری میں سردیوں کا آغاز ہوتے ہی سوئی گیس کی لوڈشیڈنگ شروع، شہریوں اور سیاحوں کو شدید مشکلات کا سامنا

جملہ نمبر 57

وادی نیلم کے درمیان بھاری فرق نے پرائس کنٹرول کے نظام پر سوالات کھڑے کردیے ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ اگر سرکاری نرخ 3300 روپے مقرر ہے تو پھر گوجر خان میں صارفین سے 5400 سے 6000 روپے تک کیوں وصول کیے جا رہے ہیں؟ مہنگائی کے ہاتھوں پریشان عوام کے لیے گیس سلنڈر کی قیمتوں میں اس قدر اضافے کو برداشت کرنا مشکل ہوگیا ہے، جبکہ گھریلو صارفین سمیت محدود آمدنی والے افراد بھی اس صورتحال سے متاثر ہو رہے ہیں۔ اہل علاقہ نے تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ سرکاری نرخوں پر عملدرآمد یقینی بنانا ضلعی و مقامی انتظامیہ کی ذمہ داری ہے، لیکن گوجر خان میں مبینہ طور پر زائد قیمتوں پر گیس سلنڈروں کی فروخت جاری رہنے سے انتظامی نگرانی اور پرائس کنٹرول کے اقدامات پر سوالات اٹھ رہے ہیں۔ شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ ڈپٹی کمشنر راولپنڈی اور اسسٹنٹ کمشنر گوجر خان اس معاملے کا فوری نوٹس لیں، ایل پی جی کی فروخت کے نرخوں کی جانچ پڑتال کروائیں، سرکاری نرخ نامے نمایاں مقامات پر آویزاں کروائیں اور مقررہ قیمت سے زائد وصول کرنے والے دکانداروں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے۔ اہل علاقہ نے مزید مطالبہ کیا ہے کہ پرائس اور متعلقہ پرائس کنٹرول حکام کو فعال کرکے باقاعدہ چیکنگ کا نظام مؤثر بنایا جائے تاکہ عوام کو سرکاری نرخوں پر گیس سلنڈر کی فراہمی یقینی بنائی جاسکے اور انہیں ناجائز اضافی قیمتوں سے نجات مل سکے۔

جملہ نمبر 58

(پرائیڈ آف پرفارمنس) کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا ہے کہ یونیورسٹی میں سکیورٹی نظام کو مزید مؤثر بنانا اور ٹرانسپورٹ میں کیمروں کی تنصیب ایک قابل تحسین اقدام ہے والدین کا کہنا تھا کہ بالخصوص طالبات کی محفوظ آمدورفت والدین کے لیے انتہائی اہمیت رکھتی ہے۔ یونیورسٹی بسوں میں سی سی ٹی وی کیمروں کی تنصیب سے نہ صرف سفر کی نگرانی بہتر ہوگی بلکہ والدین کو بھی اپنی بچیوں کے تحفظ کے حوالے سے اطمینان حاصل ہوگا۔ انہوں نے یونیورسٹی انتظامیہ کی جانب سے طلبہ و طالبات کی حفاظت کو ترجیح دینے کے اقدام کو سراہا۔

جملہ نمبر 59

سہولت میسر آسکے اور جنگلات پر دباؤ کم ہو۔ تاہم سردیوں کا سیزن شروع ہوتے ہی گیس کی لوڈشیڈنگ سے شہریوں کی روزمرہ زندگی متاثر ہونے لگی ہے۔ مقامی افراد کا کہنا ہے کہ شدید سرد موسم میں، خصوصاً فجر کے وقت جب درجہ حرارت نقطہ انجماد سے نیچے چلا جاتا ہے، گیس کی عدم دستیابی کے باعث گرم پانی کا حصول بھی مشکل ہو جاتا ہے۔ اس صورتحال میں نماز فجر کے لیے اٹھنے والے بزرگوں کو خصوصی دشواری کا سامنا کرنا پڑتا ہے، جبکہ سکول جانے والے بچوں کی تیاری اور ناشتے کے انتظامات بھی متاثر ہوتے ہیں۔ دوسری جانب مری ایک اہم سیاحتی مقام ہونے کے باعث سردیوں میں بڑی تعداد میں سیاحوں کی آمد کا مرکز رہتا ہے۔ گیس کی بندش سے ہوٹلوں، ریسٹورنٹس اور دیگر کاروباری سرگرمیوں پر بھی منفی اثرات مرتب ہونے کا خدشہ ہے، جس کے باعث سیاحوں کو کھانے پینے کی اشیا کی تیاری اور فراہمی میں مشکلات پیش آسکتی ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ ماضی میں مری کی سیاحتی اہمیت اور سخت موسمی حالات کے پیش نظر گیس سمیت بنیادی سہولیات کی بلاتعطل فراہمی کو خصوصی اہمیت دی جاتی رہی ہے۔ انہوں نے حکومت پاکستان اور متعلقہ محکمہ سوئی گیس کے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ مری کے مخصوص موسمی حالات، مقامی آبادی کی ضروریات اور سیاحت کی اہمیت کو مدنظر رکھتے ہوئے گیس کی لوڈشیڈنگ کے فیصلے پر نظرثانی کی جائے اور سردیوں کے دوران گیس کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنائی جائے، تاکہ شہریوں اور سیاحوں کو درپیش مشکلات کا خاتمہ ہوسکے۔

جملہ نمبر 60

بہادر اور باہمت بیٹیاں پورے معاشرے کے لیے باعث فخر ہیں۔ مومنہ عباسی نے اپنی معذوری کو کمزوری سمجھ کر گھر بیٹھنے کے بجائے نہ صرف اپنی تعلیم جاری رکھی بلکہ اپنے جیسے معذور افراد کے لیے امید کی کرن بن کر سامنے آئیں اور دوسروں کا سہارا بننے کی عملی کوشش کی۔ انہوں نے کہا کہ مومنہ عباسی کی جدوجہد اس بات کا ثبوت ہے کہ عزم، حوصلے اور انسانیت سے محبت کے جذبے کے سامنے مشکلات کوئی معنی نہیں رکھتیں۔ معاشرے کے ہر فرد کو چاہیے کہ وہ ایسی باہمت شخصیات کی حوصلہ افزائی کرے اور ان کے ساتھ کھڑا ہو۔ اپنی گفتگو میں مزید کہا کہ وہ ذاتی طور پر اور حکومتی سطح پر مومنہ عباسی کی ہر ممکن معاونت کرنے کی کوشش کریں گی تاکہ ان کے فلاحی مشن کو مزید آگے بڑھایا جاسکے۔ مومنہ عباسی کی جانب سے مستحق افراد میں وہیل چیئرز کی تقسیم نہ صرف ایک فلاحی اقدام ہے بلکہ معاشرے کے لیے ایک پیغام بھی ہے کہ حقیقی کامیابی اپنی مشکلات کے باوجود دوسروں کی زندگیوں میں آسانیاں پیدا کرنے کا نام ہے۔ ان کا یہ جذبہ خدمت بالخصوص نوجوان نسل کے لیے مشعل راہ ہے۔

جملہ نمبر 61

سکول میں داخلے سے محروم نہیں کیا جاسکتا۔ محکمے نے تمام سکول سربراہان کو ہدایت کی ہے کہ مقررہ مدت میں ریکارڈ کی درستگی یقینی بنائی جائے تاکہ طلبہ کا ڈیٹا نادرا کے ریکارڈ سے مکمل طور پر ہم آہنگ ہوسکے۔

جملہ نمبر 62

تھا دودھ فروخت کرتے ہوئے پکڑا گیا۔ پولیس نے دو افراد کو حراست میں لے کر تفتیش شروع کردی۔ پولیس کے مطابق فورنزک ماہرین اور دودھ کے معائنے کیلئے فوڈ ڈیپارٹمنٹ کو طلب کرلیا گیا ہے۔

جملہ نمبر 63

اور انسداد ڈینگی اقدامات کا جائزہ لینے کے لیے اسسٹنٹ کمشنر گوجر خان سیدہ زینب کی زیر صدارت اجلاس منعقد ہوا، جس میں بتایا گیا کہ

تحصیل میں ڈینگی کے پانچ مریضوں کی تصدیق ہوئی ہے، تاہم تمام مریضوں کی حالت مستحکم ہے۔ اجلاس میں انسداد ڈینگی اقدامات پر عملدرآمد کا جائزہ لیا گیا اور متعلقہ حکام کو ہدایات پر مؤثر انداز میں عمل یقینی بنانے پر زور دیا گیا۔ اجلاس میں اے سی گوجر خان کو آگاہ کیا گیا کہ ڈینگی سے متعلقہ ایس او پیز کی خلاف ورزی پر نرسری چلانے والے ایک شخص کے خلاف ایف آئی آر درج کرنے کے لیے کارروائی کی گئی ہے۔ اجلاس میں ہدایت کی گئی کہ ڈینگی کے پھیلاؤ کی روک تھام کے لیے حفاظتی اقدامات پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا جائے اور ایس او پیز کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف ضابطے کے مطابق کارروائی کی جائے۔

جملہ نمبر 64

صدر چوہدری احسان میو راجپوت، خادم میوات و سفیر صحافی محمد اشفاق چشتی میواتی، سابق صدر ماجاب سابق یوسی ناظم ممتاز شکیل میو، صدر قصور اسماعیل اشرف میو، حاجی طاہر محمود، حافظ اعظم میو، میو اتحاد صدر لاہور نعیم میو، ماسٹر جمال الدین، سفیر میو اتحاد شہاب الدین، میو جنرل سیکرٹری لاہور ڈاکٹر رفیق میو، کاشف میو، آصف میو، شاہد ایوب میو راجپوت، محمد اقبال میو، سفیر رہنما میو اتحاد شکر اللہ میو، سفیر نائب صدر لاہور عمران بلا میو، انچارج بارڈر کمیٹی شیر محمد میو، فیصل قریشی، محمد واصف، محمد علی، محمد وسیم سمیت عزیز و اقارب دوست احباب اور میو برادری کی معزز شخصیات نے کثیر تعداد میں شرکت کی، دولہا دولہن کو شادی کی مبارکباد دی اور اپنی نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ عبدالرشید میو نے ولیمہ میں آنے والے تمام معزز مہمانوں کا شکریہ ادا کیا اور ان کے لیے مختلف انواع اقسام کے کھانے پیش کیے گئے۔

جملہ نمبر 65

کیریاسین اور لیریکس گولی کے مخصوص پیک کو فوری طور پر مارکیٹ سے اٹھانے کی ہدایت جاری کی گئی ہے۔ محکمہ صحت نے واضح کیا ہے کہ ڈورہ ادویات برآمد ہونے کی صورت میں ڈرگ ایکٹ کے تحت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ حکام کے مطابق یہ ادویات ہائی بلڈ پریشر کم کرنے، دل کی دھڑکن برقرار رکھنے، خون کی روانی بہتر بنانے اور ذہنی تناؤ میں کمی کے لیے استعمال کی جاتی ہیں، اس لیے ان کے مخصوص بیچ کے استعمال سے گریز کیا جائے۔ محکمہ صحت نے ڈرگ انسپکٹرز کو ہدایت کی ہے کہ فوری کارروائی کرتے ہوئے مشتبہ ادویات کی فروخت روکنے کو یقینی بنایا جائے۔

جملہ نمبر 66

ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان 2047 تک دنیا کی دسویں بڑی معیشت بننے کی صلاحیت رکھتا ہے، تاہم اس مقصد کے حصول کے لیے مسلسل محنت، اداروں کو مضبوط بنانے اور مستقل قومی پالیسیوں کی ضرورت ہے۔ سردار مسعود خان نے قیادت کے حوالے سے نبی کریم حضرت محمد ﷺ کی سیرت طیبہ کو بہترین نمونہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ آپ ﷺ کی زندگی خدمت، ہمدردی، دور اندیشی، مذاکرات اور فلاح عامہ کا روشن نمونہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ قیادت کا تعین عہدے یا اقتدار سے نہیں بلکہ عوام کی خدمت کرنے اور مثبت تبدیلی لانے کی صلاحیت سے ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بین الاقوامی تعلقات اب روایتی حکومتی روابط تک محدود نہیں رہے

جملہ نمبر 67

نبوت آزاد کشمیر گزشتہ کئی دہائیوں سے عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ، عوامی شعور کی بیداری، تعلیمی اداروں میں آگاہی اور آئینی و قانونی جدوجہد کے حوالے سے سرگرم عمل ہے۔ تحریک کی جانب سے مدارس، مساجد، اسکولوں اور کالجوں میں دروس، تربیتی نشستوں اور آگاہی پروگراموں کا انعقاد کیا جا رہا ہے، جبکہ کتابچہ "مشعل ختم نبوت" کے ذریعے بھی طلباء اور عوام تک اس عقیدے سے متعلق بنیادی معلومات پہنچانے کی کوششیں جاری ہیں۔ لاہور میں مقیم مولانا آصف حمید، مولانا قاضی مصباح الرحمن، مولانا فضل الرحمن، مولانا شاہد محمود، مولانا وقاص شمیم، مولانا فدا الرحمن، مولانا نعیم اور دیگر علمائے کرام نے آزاد کشمیر سے آنے والے وفد کا خیر مقدم کرتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ یہ دورہ علماء کے باہمی روابط مضبوط بنانے اور دعوتی و تعلیمی سرگرمیوں کو وسعت دینے میں معاون ثابت ہوگا۔ واضح رہے کہ رواں ماہ کے آغاز میں تحریک کے ذمہ داران کراچی اور راولپنڈی، اسلام آباد میں مقیم کشمیری علمائے کرام سے بھی خصوصی نشستیں کر چکے ہیں۔ لاہور کا دورہ بیرون آزاد کشمیر مقیم کشمیری علماء سے رابطوں کو فروغ دینے اور تحفظ ختم نبوت کی جدوجہد کو مزید منظم کرنے کی کوششوں کا تسلسل ہے۔

جملہ نمبر 68

پائلٹ 44 بور رائفل اور 100 گولیاں، 12 بور ریپیٹر گن اور 50 گولیاں، جبکہ ایک لاکھ 60 ہزار روپے مالیت کی موٹر سائیکل چوری کر لی گئی۔ محمد ارشد کا موقف تھا کہ اس نے مقدمہ درج کرانے کے لیے پولیس سے رجوع کیا، تاہم کارروائی نہ ہونے پر ایڈیشنل سیشن جج ساہیوال محمد اظفر خان کی عدالت میں درخواست دائر کردی۔ عدالت کے حکم پر تھانہ فرید ٹاؤن پولیس نے تقریباً ایک ماہ کی تاخیر سے محمد ارشد کی مدعیت میں اس کی بیوی یاسمین، بیٹوں حمزہ اور احمد، سالے کاشف اور سسر محمد شفیع کے خلاف تعزیرات پاکستان کی دفعات 506،380 اور A381 کے تحت مقدمہ درج کرلیا۔ پولیس نے واقعے کی تفتیش شروع کردی ہے، جبکہ مقدمے میں نامزد افراد کے خلاف الزامات کی تصدیق حالیہ کارروائی کے ذریعے ہونا باقی ہے۔

جملہ نمبر 69

سو پرو گریس ملتان اور پنجاب گروپ آف کالجز ملتان ریجن کے زیر اہتمام ورلڈ بریسٹ کینسر ڈے 2026 اور بریسٹ کینسر آگاہی کے سلسلے میں دوسرے روز پنجاب کالج فار ویمن، یونیورسٹی کیمپس بوسن روڈ ملتان میں منعقدہ آگاہی سیمینار سے بحیثیت مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر پرنسپل پنجاب کالج فار ویمن بوسن روڈ ملتان مسز صائمہ نظر نے سیمینار کی صدارت کی تقریب کی نظامت کے فرائض صدر انرول کلب میٹرو پولیٹن مس دعا بخاری اور گلشن آرا نے سرانجام دیے۔

جملہ نمبر 70

سے ایک کلو 440 گرام چرس برآمد کرلی، جبکہ تھانہ بدیانہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ملزم کاشف کو گرفتار کرکے اس کے قبضے سے ایک کلو 600 گرام چرس برآمد کرلی۔ پولیس نے دونوں واقعات میں قانونی کارروائی کرتے ہوئے مقدمات درج کرلیے ہیں۔

جملہ نمبر 71

ٹوپیاں اور پھولوں کے گلدستے پیش کیے۔ انہوں نے آزاد کشمیر سے تشریف لانے والے معزز مہمانوں اور سیاسی قیادت کی آمد پر اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا کہ باہمی ملاقاتیں، روابط اور مشاورت سیاسی و سماجی تعلقات کو مزید مستحکم بنانے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ تقریب کے دوران آزاد کشمیر کی سیاسی صورت حال، عوامی مسائل اور حلقہ جات کی ترقیاتی ضروریات کے حوالے سے بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر حلقے کے عوام کو درپیش مسائل، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور علاقے کی تعمیر و ترقی سے متعلق امور پر گفتگو ہوئی۔ شرکاء نے عوامی مسائل کی نشاندہی، ان کے حل کے لیے مؤثر رابطہ کاری اور متعلقہ فورمز پر آواز اٹھانے کی اہمیت پر زور دیا۔ قاضی محمد بشیر ایڈووکیٹ نے آزاد کشمیر سے آنے والے معزز مہمانوں، سیاسی شخصیات اور پیپلز پارٹی کی قیادت کا شکریہ ادا کیا اور اس امید کا اظہار کیا کہ باہمی روابط اور مشاورت کا یہ سلسلہ آئندہ بھی جاری رہے گا۔ تقریب خوشگوار اور دوستانہ ماحول میں اختتام پذیر ہوئی۔



ڈپٹی کمشنر مری آغا ضمیر عباس شیرازی مومنہ عباسی کو ان کی خدمات کے اعتراف میں شیلڈ پیش کر رہے ہیں

آلودگی پر قابو پانے کیلئے پنجاب میں اینٹی سموگ ٹیکنالوجی کا دائرہ کار مزید وسیع

صوبے میں 270 صنعتی یونٹس اور 443 بھٹوں کی انسپکشن، خلاف ورزیوں پر لاکھوں روپے جرمانے، متعدد یونٹس اور مقامات سیل

غیر معیاری پلاسٹک کیخلاف کارروائیوں میں 227 مقامات کی چیکنگ، 9 مقامات سیل اور 840 کلوگرام غیر معیاری پلاسٹک ضبط

لاہور (یو این پی) پنجاب میں اسموگ کے تدارک کے لیے اینٹی اسموگ گن ٹیکنالوجی کا دائرہ کار مزید وسیع کر دیا گیا۔ لاہور کے بعد گوجرانوالہ میں بھی اینٹی اسموگ گنز کا باقاعدہ آپریشن شروع کر دیا گیا جبکہ شیخوپورہ، فیصل آباد اور ملتان میں بھی یہ آپریشن شروع کیا جائے گا۔ ڈی جی ماحولیات عبداللہ نیئر شیخ کی نگرانی میں صوبے بھر میں آلودگی پھیلانے والوں کے خلاف فیلڈ انفورسمنٹ اور کریک ڈاؤن جاری ہے۔ محکمہ ماحولیات پنجاب کے مطابق صوبے بھر میں 270 صنعتی یونٹس کی انسپکشن کی گئی جن میں سے 7 یونٹس سیل جبکہ خلاف ورزیوں پر 16 لاکھ روپے جرمانہ عائد کیا گیا۔ اینٹوں کے 443 بھٹوں کی بھی انسپکشن کی گئی، اس دوران 7 بھٹے مسمار اور 4 سیل کیے گئے۔ ماحولیاتی قوانین کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

اسلام آباد ہائیکورٹ کا شیشہ کیفے پر پابندی برقرار رکھنے کا حکم

چیف کمشنر، ڈپٹی کمشنر اور آئی جی اسلام آباد کو عدالتی حکم پر عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) اسلام آباد ہائیکورٹ نے وفاقی دارالحکومت میں ہر قسم کے شیشہ کیفے پر تاحکم ثانی پابندی برقرار رکھنے کا تحریری فیصلہ جاری کر دیا ہے۔ عدالت نے واضح کیا ہے کہ شیشہ کیفے سے متعلق قواعد و ضوابط بننے تک کسی بھی شیشہ کیفے کو کھولنے کی اجازت نہیں ہوگی، جبکہ پہلے سے این او سی حاصل کرنے والے شیشہ کیفے بھی پابندی سے مستثنیٰ نہیں ہوں گے۔ تحریری فیصلے میں اسلام آباد ہائیکورٹ نے قرار دیا کہ قانون کے تحت ممنوع شیشہ کیفے کو قواعد و ضوابط بنائے بغیر این او سی جاری کرنے سے قانونی حیثیت حاصل نہیں ہو جاتی۔ عدالت کے مطابق شیشہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

گورنر راج کے بعد بنوں سمیت جنوبی خیبر پختونخوا میں ترقی کی امیدیں بڑھ گئیں

بنوں (یو این پی) بنوں سمیت جنوبی خیبر پختونخوا کے عوام نے گورنر راج کے بعد سڑکوں، صحت اور تعلیم کے شعبوں کی بحالی اور ترقی کے حوالے سے امیدیں وابستہ کر لی ہیں۔ بنوں کے عوام نے صحت اور تعلیم کے شعبوں میں بہتری کے لیے نئی صوبائی حکومت کے اقدامات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

بلوچستان کے نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع بڑھانے کا فیصلہ

کوئٹہ (یو این پی) بلوچستان میں روزگار کے مواقع کے فروغ اور نوجوانوں کو سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے ایک اعلیٰ سطحی جائزہ اجلاس اتوار کے روز چیف سیکرٹری آفس کوئٹہ میں منعقد ہوا، جس کی صدارت چیئرمین وزیر اعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان نے کی۔ اجلاس میں وزیر اعظم یوتھ پروگرام بلوچستان کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

ماڈل کالج ایف سیون ٹو میں طالبات کونسل کی تقریب حلف برداری کا انعقاد

مہمان خصوصی ڈاکٹر آمنہ نور ملک صدارت پرنسپل پروفیسر فوزیہ شیخ نے کی

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) ماڈل کالج ایف سیون ٹو طالبات کونسل کی تقریب حلف برداری منعقد ہوئی۔ مہمان خصوصی ملینیم ڈائریکٹر نیشنل اکیڈمی ہائر ایجوکیشن کمیشن ڈاکٹر نور آمنہ ملک صدارت پرنسپل پروفیسر فوزیہ تحریم شیخ نے کی۔ صدر اریبہ عزیز، نائب صدر ماہ نور اشتیاق، جنرل سیکرٹری مومنہ ارشد، جوائنٹ سیکرٹری ریحاب کامران اور مختلف تنظیموں کی سیکرٹریز، کلاس نمائندگان بس پریفیکٹس سے مہمان خصوصی نے ان کے عہدوں کا حلف لیا۔ ڈاکٹر آمنہ نے خطاب میں طالبات کو قابل فخر پاکستانی بننے کی تلقین کی کہ وہ درپیش مسائل و مشکلات سے نہ گھبرائیں بلکہ زندگی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)



اسلام آباد: ماڈل کالج ایف سیون ٹو میں نو منتخب طالبات کونسل کا مہمان خصوصی آمنہ نور ملک، پرنسپل پروفیسر فوزیہ شیخ کے ہمراہ گروپ فوٹو

یوتھ ایکسیلنس ایوارڈ میرے لیے باعث فخر ہونے کیساتھ بڑی ذمہ داری بھی ہے، سحرش قمر

ایوارڈ کشمیری نوجوانوں کے نام بھی کرتی ہوں جن کے دلوں میں آزادی کی تڑپ اور عزم میں استقامت موجود ہے

نوجوان کسی قوم کا حقیقی سرمایہ ہوتے ہیں، صلاحیتوں کو مثبت سمت دینا خوشحال اور ترقی یافتہ معاشرے کی بنیاد ہے، گفتگو

میرپور (بیورو رپورٹ) ممبر قانون ساز اسمبلی آزاد کشمیر و مسلم لیگ ن کی مرکزی راہنما سحرش قمر کو پرائم منسٹر یوتھ پروگرام کی جانب سے یوتھ ایکسیلنس ایوارڈ 2026 ملنے پر سیاسی و سماجی حلقوں کی جانب سے مبارکباد۔ ممبر قانون ساز اسمبلی آزاد کشمیر و مسلم لیگ ن کی مرکزی راہنما سحرش قمر نے کہا ہے کہ میرے لیے یہ ایوارڈ محض ایک اعزاز نہیں بلکہ نوجوانوں کی خدمت کے عزم کی تجدید ہے، میں اللہ تعالیٰ کی بے پایاں رحمتوں اور فضل و کرم پر دل کی گہرائیوں سے شکر گزار ہوں کہ مجھے پرائم منسٹر یوتھ پروگرام کی جانب سے یوتھ ایکسیلنس ایوارڈ 2026 سے نوازا گیا۔ یہ اعزاز میرے لیے باعث فخر ہونے کے ساتھ ساتھ ایک بڑی ذمہ داری بھی ہے۔ میرے نزدیک یہ ایوارڈ محض ایک ٹرافی نہیں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)



ڈی پی او مری رضا تنویر سپرا اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

مومنہ عباسی معاشرے کے لیے قابل فخر مثال ہیں، ڈپٹی کمشنر مری

مومنہ عباسی کی جانب سے 12 مستحق افراد میں وہیل چیئرز تقسیم، جذبہ خدمت کو خراج تحسین

مری (بیورو رپورٹ) خطہ کوہسار کی قابل فخر بیٹی مومنہ عباسی نے خود معذوری کا شکار ہونے کے باوجود معذور افراد، خواتین اور بزرگوں کی خدمت کا بیڑا اٹھا کر انسانیت کی خدمت کی ایک روشن مثال قائم کر دی۔ ڈپٹی کمشنر آفس مری میں منعقدہ ایک پروقار تقریب کے دوران مومنہ عباسی نے 12 مستحق افراد میں وہیل چیئرز تقسیم کیں۔ تقریب کے مہمان خصوصی ڈپٹی کمشنر مری آغا ضمیر عباس شیرازی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر اے ڈی سی جی تھے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر مری آغا ضمیر عباس شیرازی نے مومنہ عباسی کے جذبہ خدمت کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ایسی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 60)

مری، سردیوں کے آغاز کے ساتھ ہی سوئی گیس کی لوڈ شیڈنگ، شہری پریشان

سیاحتی سرگرمیاں متاثر ہونے کا خدشہ، شہریوں کا بلاتعطل گیس فراہمی کا مطالبہ

مری (بیورو رپورٹ) مری میں سردیوں کا موسم شروع ہوتے ہی سوئی گیس کی لوڈ شیڈنگ نے شہریوں اور سیاحوں کے لیے مشکلات پیدا کر دی ہیں۔ گیس کی بندش کے باعث نہ صرف مقامی آبادی بلکہ سیاح بھی متاثر ہو رہے ہیں، جبکہ سکول جانے والے بچوں، ان کے والدین اور بزرگ شہریوں کو بالخصوص شدید پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ تفصیلات کے مطابق مری میں جنگلات کے تحفظ اور درختوں کی کٹائی میں کمی لانے کے مقصد سے جنرل پرویز مشرف کے دور حکومت میں سوئی گیس کی فراہمی کا انتظام کیا گیا تھا، تاکہ مقامی آبادی کو ایندھن کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 59)



وفاقی وزیر اورنگزیب خان کھچی PNCA میں کینیڈا پاکستان فوٹوگرافی نمائش کے شرکا سے خطاب کر رہے ہیں

کوہسار یونیورسٹی مری کی تمام بسوں میں سی سی ٹی وی کیمرے نصب

طلبہ و طالبات کی محفوظ آمد و رفت کے اقدامات پر والدین کا ڈاکٹر رافیہ ممتاز سے اظہار تشکر



مری (بیورو رپورٹ) کوہسار یونیورسٹی میں سکیورٹی کے مزید مؤثر اقدامات تمام بسوں میں سی سی ٹی وی کیمرے نصب۔ کوہسار یونیورسٹی مری میں طلبہ و طالبات کے تحفظ اور سفر کو محفوظ بنانے کے لیے سکیورٹی کے مزید اقدامات کرتے ہوئے یونیورسٹی کی تمام ٹرانسپورٹ میں سی سی ٹی وی کیمرے نصب کر دیے گئے ہیں۔ اس اقدام پر طلبہ کے والدین نے وائس چانسلر کوہسار یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر رافیہ ممتاز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 58)

گوجرخان میں گیس سلنڈر مہنگے داموں فروخت، شہری مہنگائی کے ہاتھوں پریشان

12 کلو ایل پی جی سلنڈر مارکیٹ میں 5400 سے 6000 روپے تک وصولی کی شکایات

گوجرخان (نمائندہ خصوصی) گوجرخان میں ایل پی جی گیس سلنڈروں کی قیمتوں میں مبینہ بے ضابطگیوں کے باعث شہری سرکاری نرخوں سے کہیں زیادہ قیمت ادا کرنے پر مجبور ہیں۔ سرکاری سطح پر 12 کلو گیس سلنڈر کی قیمت 3300 روپے مقرر ہونے کے باوجود گوجرخان میں یہی سلنڈر 5400 سے 6000 روپے تک فروخت ہونے کی شکایات سامنے آ رہی ہیں، جس سے عوامی حلقوں میں شدید تشویش پائی جاتی ہے۔ تفصیلات کے مطابق حکومت کی جانب سے ایل پی جی گیس سلنڈر کے لیے مقرر کردہ سرکاری نرخ اور مقامی مارکیٹ میں وصول کی جانے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 57)



میرپور: ممبر اسمبلی سحرش قمر کو یوتھ ایکسیلنس ایوارڈ دیا جا رہا ہے

ڈی پی او مری رضا تنویر سپرا کی سربراہی میں کرائم میٹنگ

زیر تفتیش مقدمات کی میرٹ پر یکسوئی اور عوامی شکایات کے فوری ازالے کی ہدایت

مری (بیورو رپورٹ) ڈی پی او مری رضا تنویر سپرا کی سربراہی میں کرائم میٹنگ کا انعقاد، ڈی پی او آفس مری میں ڈی پی او مری رضا تنویر سپرا کی سربراہی میں کرائم میٹنگ کا انعقاد کیا گیا، جس میں ایس ڈی پی اوز، ایس ایچ اوز، تفتیشی افسران، محرران، ریڈرز اور دیگر متعلقہ پولیس افسران نے شرکت کی۔ میٹنگ کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 56)



اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان سیدہ زینب انسداد ڈینگی بارے اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

طلبہ کے ب فارم نمبر کی نادرا سے تصدیق لازمی قرار، سکولوں کو 10 روز کی مہلت

غلط اندراج کے اخراجات سکول سربراہ برداشت کرے گا، ب فارم نہ ہونے پر داخلہ روکنے پر پابندی

ب فارم موجود نہ ہو تو عارضی طور پر والد کے شناختی کارڈ کا نمبر درج ہوگا تاہم کسی بھی بچے کو سکول میں داخلے سے محروم نہیں کیا جا سکتا

لاہور (یو این پی) محکمہ سکول ایجوکیشن نے طلبہ کے ب فارم نمبرز کی نادرا سے تصدیق یقینی بنانے کے لیے نئی ہدایات جاری کر دیں۔ محکمہ کے مطابق تمام سکولوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ تمام طلبہ کے ب فارم نمبرز کا اندراج اور درستگی کا عمل 10 روز کے اندر مکمل کیا جائے۔ ب فارم نمبرز کی تصدیق نادرا کے ریکارڈ سے کی جائے گی۔ ہدایات کے مطابق ب فارم نمبر کے غلط اندراج کی مکمل ذمہ داری متعلقہ سکول سربراہ پر عائد ہوگی جبکہ غلط اندراج کے باعث نادرا کو ادا کیے جانے والے تمام اخراجات بھی سکول سربراہ خود برداشت کرے گا۔ محکمہ سکول ایجوکیشن نے واضح کیا ہے کہ اگر کسی بچے کے پاس ب فارم موجود نہ ہو تو عارضی طور پر والد کے شناختی کارڈ کا نمبر درج کیا جائے گا تاہم ب فارم نہ ہونے کی بنیاد پر کسی بھی بچے کو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 61)

لاہور، نشتر کالونی میں مضر صحت دودھ پینے سے بچہ جاں بحق

لاہور (یو این پی) لاہور کی نشتر کالونی میں مضر صحت دودھ پینے سے ایک بچہ جاں بحق ہو گیا دوسرے کی طبیعت خراب ہے۔ ہسپتال انتظامیہ کے مطابق 2 سال کا بچہ ہسپتال میں دم توڑ گیا، 3 سال کا بچہ تشویشناک حالت میں زیر علاج ہے۔ والدین نے بچوں کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 62)

گوجرخان میں ڈینگی کے 5 کیسز، نرسری مالک کے خلاف کارروائی

اسسٹنٹ کمشنر سیدہ زینب کی انسداد ڈینگی اقدامات پر عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت

گوجرخان (نمائندہ خصوصی) سرکاری اعداد و شمار کے مطابق گوجرخان میں ڈینگی کے 5 مریض کنفرم، ڈینگی کے حوالے سے جاری کردہ ہدایات کی خلاف ورزی پر نرسری چلانے والے شخص کو جرمانہ، ڈینگی سے نمٹنے کیلئے اعلیٰ سطح اجلاس زیر صدارت اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان سیدہ زینب منعقد ہوا، علاقہ میں ڈینگی کے حوالے سے کیے جانے والے اقدامات پر اطمینان، صورتحال کنٹرول۔ تفصیلات کے مطابق تحصیل گوجرخان میں ڈینگی کی صورتحال (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 63)

محکمہ صحت پنجاب کا جعلی ادویات سے متعلق دوبارہ الرٹ جاری

عبدالرشید میو کے فرزند رشتہ ازدواج میں منسلک

پروقار تقریب، ڈیلر میں میو برادری کی معزز شخصیات کی شرکت

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 64) ... (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 65)



لاہور: عبدالرشید میو کے فرزند اور سٹینفر ریحان امیرا اتحاد ضلع قصور موضع گنگو کے محمد رفیق میو کے بھتیجے کی تقریب ولیمہ میں میو برادری کی معزز شخصیات کا دولہا کے ساتھ لیا گیا گروپ فوٹو

نوجوان ملک کے مستقبل کی تشکیل میں قائدانہ کردار ادا کریں، سردار مسعود

تعلیم یافتہ متوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے نوجوان ملکی ترقی میں فعال کردار ادا کر کے قوم کی تقدیر بدل سکتے ہیں، سابق صدر

ہمیں طرز حکمرانی، صنعتی ترقی اور زراعت کے شعبوں میں فوری اصلاحات کرنا ہوں گی، آئی سی ایم اے تقریب سے خطاب



اسلام آباد (خبر نگار) امریکہ، چین اور اقوام متحدہ میں پاکستان کے سابق سفیر اور آزاد جموں و کشمیر کے سابق صدر سردار مسعود خان نے کہا ہے کہ پاکستان کے نوجوانوں کو اپنی بصیرت افروز قیادت، مؤثر سفارت کاری، داخلی اصلاحات اور عالمی سطح پر تعمیری روابط کے ذریعے ملک کے مستقبل کی تشکیل کی ذمہ داری اٹھانا ہوگی۔ ... (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 66)

سردار مسعود خان ... کا گروپ فوٹو

GOVERNMENT OF PAKISTAN
BENAZIR INCOME SUPPORT PROGRAMME
F-BLOCK, PAK SECRETARIAT, ISLAMABAD

REQUEST FOR BIDS
PROCUREMENT OF GOODS

1. The **Benazir Income Support Programme-BISP** has reserved Funds for the procurement planned for FY 2026-27. The **Benazir Income Support Programme-BISP** intends to apply part of the proceeds of this Fund to cover eligible payments under the contract for the **"Procurement Process for Renewal of Fortinet Unified Threat Protection (UTP) Subscription and Forti Care Premium Support for Existing FortiGate 600E Firewalls"** with the reference of **"P125386"**

2. The **Benazir Income Support Programme-BISP** invites sealed Bids from eligible Bidders for procurement of goods described in the bidding documents on **EPADS v2.0.**

3. **Single Stage-One Envelope** will be used by adopting **Least Cost Based Selection (LCBS)** Technique for the subject procurement, in line with the Public Procurement Rules, 2004 and any Regulations, Regulatory Guides, Procurement Guidelines or Instructions issued by the Authority from time to time.

4. All Bids must be accompanied by a Bid Security amounting described in Bid Security Section in Bidding Document in the form of **Pay Order, Banker's Cheque, Call at Deposit** or all bids must be accompanied by bid securing declaration in the format specified in the Bidding documents.

5. E-Bidding documents, containing detailed terms & conditions, specifications and requirements etc. are available on **e-Pak Acquisition and Disposal System (EPADS) at https://epads.gov.pk/opportunities/federal/procurements/125386** for all the interested bidders registered on **EPADS v2.0.** Bidders are required to get themselves registered on **EPADS v2.0** to participate in Bidding process.

6. The e-bids, prepared in accordance with the instructions in the e-Bidding Documents, must be submitted through **EPADS v2.0** on or before **Tuesday, November 10, 2026 11:00 AM.** E-bids will be opened using **EPADS v2.0** on the same day at **Tuesday, November 10, 2026 11:30 AM.** Manual submission of Bids shall not be entertained. Those vendors who have not yet registered on the new version of **EPADS v2.0**, may register themselves on https://vendors.epads.gov.pk/. A tutorial to explain the registration process is available at https://www.youtube.com/watch?v=MNW6T38v7tc

In terms of Rule 48 of Public Procurement Rules, 2004 Grievance Redressal Committee (GRC) is notified for the subject procurement and notification copy is available on the procuring agency's website and on Authority's website at (www.ppra.org.pk).

Deputy Director
Benazir Income Support Programme (BISP)
F-Block Pakistan Secretariat, BISP HQ, Islamabad Capital Territory
Cell: +92-301-679-9677, E-mail: dd.procurement@bisp.gov.pk

URAAN PAKISTAN

PID(I)3600/26

ٹریبونل کے قیام میں تاخیر سے شہری کا حق دعویٰ ختم نہیں ہو سکتا، لاہور ہائیکورٹ

ہتک عزت کا دعویٰ مدت معیاد کی بنیاد پر خارج کرنے کا حکم کالعدم، کیس میرٹ پر فیصلے کے لیے ٹریبونل کو واپس بھجوا دیا گیا

قانون کسی شخص سے ایسے فورم سے رجوع کرنے کا تقاضا نہیں کر سکتا جو اس وقت قانونی طور پر قائم ہی نہ ہوا ہو، عدالتی فیصلہ



فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی اور FDHL کے درمیان معاہدہ کے بعد دستاویزات کا تبادلہ کیا جا رہا ہے

لاہور (یو این پی) لاہور ہائیکورٹ نے ہتک عزت کے دعوے کو مدت معیاد کی بنیاد پر خارج کرنے کا حکم کالعدم قرار دیتے ہوئے قرار دیا ہے کہ خصوصی ٹریبونل قائم نہ ہو تو شہری کو ہتک عزت کیس دائر کرنے کے حق سے محروم نہیں کیا جا سکتا۔ ... عدالت نے محمد فاروق ملک کی اپیل منظور کرتے ہوئے معاملہ دوبارہ ہتک عزت ٹریبونل کو بھجوا دیا۔ عدالتی فیصلے کے مطابق حکومت ہتک عزت مقدمات کے لیے خصوصی ٹریبونل قائم نہ کرے تو شہری مقررہ مدت کے اندر سول عدالت سے رجوع کر سکتا ہے۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

وزیر بلدیات ذیشان رفیق کی زیر صدارت پی ڈی پی کا جائزہ اجلاس

لاہور (یو این پی) صوبائی وزیر بلدیات ذیشان رفیق کی زیر صدارت سول سیکرٹریٹ میں ایک اجلاس کے دوران پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام (پی ڈی پی) کا جائزہ لیا گیا ہے۔ پارلیمانی سیکرٹری بلدیات خرم خان ورک، سیکرٹری لوکل گورنمنٹ زید بن مقصود ... (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

الزام ثابت نہ کرنے پر شہری کو جھوٹا قرار نہیں دیا جا سکتا، لاہور ہائیکورٹ

... 182 کے تحت کارروائی کو کالعدم قرار دے دیا، شہری محمد شاہد کے خلاف دفعہ 182 تعزیرات پاکستان کے تحت فوجداری کارروائی بھی ختم کر دی۔ جسٹس غلام سرور نہنگ نے شہری محمد شاہد کی درخواست منظور کر لی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

مشیر اوقاف کا محکمہ کی وقف املاک پر غیر قانونی قبضے پر اظہار تشویش

مولانا طیب قریشی کی متعلقہ حکام کو واگزاری کے لیے مؤثر اقدامات کرنے کی ہدایت

پشاور (یو این پی) مشیر برائے اوقاف، حج، مذہبی و اقلیتی امور مولانا طیب قریشی نے محکمہ اوقاف کی وقف اراضی پر غیر قانونی قبضے پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ حکام کو ہدایت کی ہے کہ مختلف محکموں کے ساتھ مل کر مذکورہ اراضی واگزار کرانے کے لیے مؤثر اور عملی اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے وقف اراضی کے تحفظ اور غیر قانونی قبضوں کے خاتمے کے لیے اب تک مناسب اقدامات نہ اٹھانے پر افسوس کا اظہار کیا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ قابضین سے ریکوری کی جائے اور ان کے خلاف ایف آئی آر درج کی جائیں۔ یہ ہدایات انہوں نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

ایف جی ای ایچ اے اور FDHL کے درمیان شراکت داری

کیپٹل سمارٹ سٹی کے حدود میں واقع 2000 کنال زمین پر جدید ہاؤسنگ سکیم تشکیل دی جائے گی

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی (FGEHA) نے اپنے جوائنٹ وینچر پراجیکٹس ونگ (JVP) کے تحت ضلع راولپنڈی کے اہم ترین علاقے میں ہاؤسنگ اسکیم کے لیے معاہدے کی یادداشت (MoU) پر دستخط کی تقریب کا انعقاد کیا۔ یہ تقریب فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی، جی-10/4 اسلام آباد میں منعقد ہوئی۔ اس موقع پر وفاقی ملازمین اور شہریوں کے لیے رہائشی سہولیات کی فراہمی کے سلسلے میں اہم ہاؤسنگ منصوبوں کے لیے شراکت دار ادارے کے ساتھ باضابطہ ایم او یو سائن کیا گیا۔ اس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 55)

پی ٹی آئی میں دراڑیں: ایک دوسرے پر الزامات اور دھمکیاں

پشاور (یو این پی) تحریک انصاف میں دراڑیں ظاہر ہونا شروع ہو گئیں پارٹی کے سینئر رہنما ایک دوسرے پر سنگین الزامات لگانے کے ساتھ ... (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

سیالکوٹ پولیس کی کارروائی، 3 کلو سے زائد منشیات برآمد، ملزمان گرفتار

سیالکوٹ (یو این پی) سیالکوٹ پولیس نے ... (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 70)



اسلام آباد: پاکستان نیشنل ہارٹ ایسوسی ایشن کے شرکا کا گروپ فوٹو

الٹرا پراسیسڈ مصنوعات پر انتباہی لیبلز کا لازمی نفاذ کیا جائے، پناہ

غیر متعدی بیماریوں کی روک تھام کیلئے پناہ لائرز فورم قائم، عوامی صحت کے تحفظ کی جدوجہد مزید مؤثر بنانے کا عزم

دباؤ کو خاطر میں لائے بغیر فرنٹ آف پیک وارننگ لیبلز پر لازمی قواعد و ضوابط کی منظوری، نفاذ کا عمل تیز کیا جائے

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) پاکستان نیشنل ہارٹ ایسوسی ایشن (پناہ) نے اپنی اتحادی تنظیموں کے تعاون سے الٹرا پراسیسڈ مصنوعات (UPPs) پر فرنٹ آف پیک وارننگ لیبلز (FOPWL) ... مزید تیز کر دی ہے۔ اس سلسلے میں ایک اہم پیش رفت کے طور پر پناہ نے پناہ لائرز فورم تشکیل دیا ہے، جس کا مقصد قانونی معاونت حاصل کرنا، پالیسی سازی کے لیے مؤثر آواز بلند کرنا اور غیر صحت بخش ... معلومات تک صارفین کے حق رسائی کو فروغ دینا ہے۔ تقریب میں پاکستان کڈنی پیشنٹس ایسوسی ایشن، ہارٹ فائل، پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن اور پاکستان اکیڈمی آف فیملی فزیشنز کے نمائندوں ... (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)